- مذکر مونث
- واحد جمع
- املا کی درستی
- جملوں کی درستی

حصہ گرامر

- خطوط نویسی
- درخواست نویسی
- ضرب المثال
- خاکہ دیکھ کر کہانی مکمل کریں
- عبارت سے مشکل الفاظ کے معنی لکھیں
- الفاظ مترادف
- الفاظ متضاد
- اسم، فعل کی پہچان

خطوط

خط نمبر1 ۔ معاشرے میں بڑھتے ہوئے سٹریٹ کرائم کے خلاف ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کو خط لکھیں۔

امتحانی مرکز

جون2026ء

محترم ڈی پی او صاحب!

السلام علیکم!

میں نہایت ادب سے آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔آج کل ہمارے علاقے میں سٹریٹ کرائم کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا ہے۔جناب والا ،کوئی دن ایسا نہیں گزرتا جس دن قتل و غارت اور لوٹ مار ،چوری چکاری نہ ہوئی ہو۔سٹریٹ کرائم نے ہمارے معاشعرے کے افراد میں ذہنی و نفسیاتی امراض میں مبتلا کر دیا ہے۔لوگ گھروں سے نکلتے ہوئے ڈرتے ہیں جس سے معمولات زندگی متاثر ہوا ہے۔آپ سے گزارش ہے کہ اس طرف خصوصی توجہ دیں تاکہ عوام الناس کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

والسلام

ا۔ب۔ج

خط نمبر2 ۔اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیں۔جس میں منشیات کے بڑھتے رجحانات کی طرف توجہ دلائی جائے۔

امتحانی مرکز

جون2026ء

مکرمی ایڈیٹر روزنامہ جنگ لاہور!

السلام علیکم!

امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے ۔میں نہایت ادب سے منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحانات کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں۔منشیات کی بڑھتی ہوئی لت ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے۔نوجوانوں کی کثیر تعداد اس عادت کا شکار ہو رہی ہے۔ایک سروے کے مطابق سالانہ پانچ لاکھ افراد منشیات کا شکار ہورہے ہیں۔آپ ایک اہم اخبار کے مدیر ہیں اور بطور شہری ہماری یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم نوجوان نسل کو اس گندی اور بری عادت سے بچائیں اور آگاہی فراہم کریں۔آپ سے التماس ہےپ روزانہ کی بنیاد پر اپنے اخبار میں اس کے متعلق ایک آگاہی مہم کا آغاز کریں۔آپ کے اس اقدام سے معاشرے میں اصلاحی پہلو اجاگر ہو گا۔

والسلام

آپ کا مخلص

ا۔ب۔ج

خط نمبر3 ۔اخبار کے مدیر کے نام ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے تجاویز لکھیں۔

امتحانی مرکز

مکرمی و محترمی ایڈیٹر روزنامہ جنگ لاہور!

السلام علیکم!

امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔آپ کی وساطت سے میں عوام کو ایک اہم مسئلے سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں۔یہ مسئلہ ہمارے ملک میں بڑھتی ہوئی ٹریفک اور اس سے رونما ہونے والے خطرناک حادثات ہیں۔ہمارے ملک میں آئے روز کوئی نہ کوئی ایسا دل خراش واقعہ رونما ہوتا ہے جس کے نتیجے میں کئی قیمتی جانیں اس جہاں سے کوچ کر جاتی ہیں۔اس سلسلے میں آپ اپنے اخبار میں آگاہی مہم کا آغاز کریں جس میں عوام کو ٹریفک قوانین کی آشنائی دی جائے۔حکومت کو چاہئے کہ وہ ڈرائیونگ سکولز کا قیام یقینی بنائے۔اور ڈرائیورز حضرات کو لائسنس جاری کیے جائیں اور جن کے پاس لائسنس نہ ہوں انھیں بھاری جرمانے کیے جائیں۔اسی طرح کم عمر ڈرائیور پر گھیرا تنگ کیا جائےاور والدین کو اس حوالے سے آگاہی فراہم کی جائے کہ کم عمر بچوں کو ڈرائیونگ سے روکا جائے۔،مجھے امید ہے آپ میری رائے سےا تفاق کریں گے اور ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے اپنے روزنامے کی وساطت سے ارباب اختیار کو آگاہ کریں گے۔

والسلام

آپ کا مخلص

ا۔ب۔ج

خط نمبر4۔دوست کے نام خط لکھیں جس میں تاریخی مقام کی سیر کا حال بیان ہو۔

امتحانی مرکز

جولائی2026ء

پیارے اکرام!

السلام علیکم!

امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے اور میرے خط کے منتظر ہوں گے جس میں لاہور کے تاریخی مقام کی سیر کا حال ہو۔تو لیجیے ،خود پڑھ لیجیے۔پیارے دوست مختصراً بیان کرتا ہوں کہ ہم دو بسوں میں سوار تقریبا نوے لڑکے تھے،جن کے نگران چھ اساتذہ بھی تھے۔ سبھی طلبہ نے ہر موڑ پر بہترین نظم وضبط اور ادب و احترام کا مظاہرہ کیا۔ہمارا یہ ٹرپ دو روز کا تھا پہلے دن ہم نے مینار پاکستان دیکھا،اس کے ساتھ ہی شاہی قلعہ ،بادشاہی مسجد اور مزار اقبال کی سیر بھی کی۔اگلے روز ہم پہلے شالا مار باغ گئے جس کے ساتھ مادھولال کا دربار بھی دیکھا۔پھر واپسی پر ہم چڑیا گھر سے ہوتے ہوئے عجائب گھر آئے۔اس کے بعد ہم انارکلی بازار گئے جہاں طلبہ نے خریداری کے ساتھ ساتھ مزے دار کھانوں کا لطف اٹھایا۔دوست !اگر میں اس سیر کو نہ آتا تو تاریخی مقامات کو نہ دیکھ پاتا۔میں جلد آپ سے ملنے آوں گا اور جو تحفہ میں لاہور سے آپ کے لیے خریدا ہے جلد آپ کو پیش کروں گا۔

والسلام

ا۔ب۔ج

درخواستیں

درخواست نمبر1 ۔مانیٹرنگ آفیسر ستھرا پنجاب کے نام محلے کی صفائی کی درخواست لکھیں۔

بخدمت جناب مانیٹرنگ آفیسر ،ستھرا پنجاب،۔۔۔۔۔۔

عنوان:درخواست برائے محلہ صفائی

جناب عالی

گزارش ہے کہ ہمارے محلے۔۔۔۔۔۔ میں صفائی کا انتظام انتہائی ناقص ہے۔جگہ جگہ کوڑے کے ڈھیر پڑے ہیں۔گلیوں اور سڑکوں پر گندا پانی جمع ہے ۔گندے پانی کے جمع ہونے سے مچھر اور مختلف جراثیم جنم لے رہے ہیں اور لوگ ملیریا اور دیگر بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔گندگی کی وجہ سے لوگو کا گلیوں میں چلنا محال ہے ۔براہ مہربانی جلد از جلد محلے کی صفائی کا انتظام کروائیں۔آپ کی عین نوازش ہوگی۔

3 ستمبر2026ء درخواست گزار

اہل علاقہ۔۔۔۔۔

درخواست نمبر2 ۔ایم ڈی واسا کے نام صاف پانی کی فراہمی کی درخواست لکھیں۔

بخدمت جناب ایم ڈی واسا ،لاہور

عنوان:صاف پانی کی فراہمی کی درخواست

!جناب عالی

نہایت ادب کے ساتھ گزارش ہے کہ میں شالا مار ٹاون لاہور کا رہائشی ہوں۔ٹاون کی آبادی 30 ہزار افراد پر مشتمل ہے لیکن اس تمام علاقے میں صاف پانی میسر نہیں ہے۔زیر زمین پانی آلودہ اور کھاری ہے جو پینے کے قابل نہیں۔آلودہ ار کھاری پانی پینے سے اہل علاقہ مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔آپ سے استدعا ہے کہ شالا مار ٹاون میں پینے کا صاف پانی جلد مہیا کیا جائے اور لوگو کے گھروں تک صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔آپ کی عین نوازش ہوگی۔

ستمبر2026ء درخواست گزار

نام:ا۔ب۔ج

درخواست نمبر3۔ملازمت کے حصول کے لیے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے نام درخواست لکھیں۔

بخدمت جناب ڈی ای او، سپیشل ایجوکیشن ،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عنوان:درخواست برائے حصول نوکری

!جناب عالی

مؤدبانہ گزارش ہے کہ روزنامہ جنگ میں اساتذہ کے لیے چند اسامیوں کا اشتہار شائع ہوا ہے اور میری قابلیت اس اسامی کے لیے موزوں ہے۔میں نے ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر کورس بھی کر رکھا ہے ۔آپ سے التماس ہے کہ میری قابلیت کو مد نظر رکھتے ہوئے مذکورہ اسامی کے لیے میری درخواست پر غور کیا جائے۔عین نوازش ہوگی۔

ستمبر2026ء درخواست گزار

درخواست نمبر4۔بجلی کا میٹر بدلنے کے لیے ایس ڈی او واپڈا کے نام درخواست لکھیں۔

بخدمت جناب ایس ڈی او واپڈا ،ضلع ملتان

عنوان:درخواست برائے تبدیلی بجلی میٹر

!جناب عالی

نہایت ادب سے گزارش ہے کہ میرا تعلق بستی ملوک ضلع ملتان سے ہے۔جیسا کہ آپ کو معلوم ہے گزشتہ ہفتے سے روزانہ مسلسل بارشیں ہو رہی ہیں۔برسات کے باعث میرے گھر کا بجلی کا میٹر خراب ہو گیا ہے۔کل سے بجلی کی بند ہے ۔بجلی کی بندش کی وجہ سے تمام معمولات زندگی متاثر ہیں۔گرمی کی شدت سے بغیر پنکھے سے رہنا نہایت مشکل ہے ۔آپ سے التماس ہے کہ جلد از جلد خراب میٹر کو تبدیل کیا جائے۔آپ کی عین نوازش ہوگی۔

مئی2026ء درخواست گزار

نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ضرب المثال

1۔ایک تیر سے---دو شکار

2۔سو سنار کی---- ایک لوہار کی

3۔بوند بوندسے--- دریا بنتا ہے

4۔ہاتھی کے دانت---کھانے کے اور دکھانے کے اور

5۔چمڑی جائے پر----دمڑی نہ جائے

6۔ایک اور ایک---گیارہ

7۔عقل بڑی یا---بھینس

8۔جیسا نمک--ویسا ذائقہ

9۔کم کھاو---غم کھاو

10۔ہر چمکتی چیز---سونا نہیں ہوتی

11۔دودھ کا دودھ--- پانی کا پانی

12۔اپنی اپنی ڈفلی--- اپنا اپنا راگ

13۔کر بھلا سو--ہو بھلا

14۔ضرورت ایجاد کی--ماں ہے

15۔بغل میں چھری---منہ میں رام رام

16۔جیسا کھاو گے--- ویسا گاو گے

17۔دشمن کا دشمن---دوست ہ'

18۔ہاتھ کنگن کو---آرسی کیا

19۔جلدی کا کام---شیطان کا کام

20۔محنت کا پھل--- میٹھا ہوتا ہے

21۔جیسی صحبت---ویسی عادت

۔22برے کام کا---برا انجام

23۔اچھا کام--- اچھا انجام

24۔سچ ہمیشہ----کڑوا ہوتا ہے

25۔امید پر--- دنیا قائم ہے

26۔آج مرے-- کل دوسرا دن

27۔آنکھ اوجھل---پہاڑ اوجھل

28۔آسمان کا تھوکا--- منہ پر آتا ہے

29۔آندھوں میں---کانا راجہ

30۔یہ منہ اور---مسور

عبارت سے مشکل الفاظ کے معنی

عبارت نمبر1 ۔سچ بولنا ایک عظیم صفت ہے جو انسان کی کردار سازی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ جھوٹ انسان کی ساخت کو مجروح کر کے اسے معاشرے میں رسوائی کا باعث بنا دیتا ہے۔

مشکل الفاظ کے معنی لکھیں۔

الفاظ	معنی
صفت	خوبی
رسوائی	بدنامی
مجروح	نقصان

عبارت نمبر2۔پرندے فضا میں نہایت آزادی اور استقلال کے ساتھ محو پرواز رہتے ہیں۔ان کی دلکشی چہچہاہٹ فضا میں ایک دلاویز نغمگی بکھیر دیتی ہے جو سامع کے دل کو مسرت سے ہمکنار کر دیتی ہے۔

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معنی
استقلال۔۔	مضبوط
محو پرواز	اڑنے میں مگن
دلاویز	دل کو بھانے والا
نغمگی	سریلا پن
مسرت	خوشی

عبارت نمبر3۔حصول علم ہر انسان پر نہایت لازم ہے۔کیونکہ یہی انسان کی فکری اور عملی بالیدگی کا باعث بنتا ہے۔علم کی روشنی انسان کی شخصیت کو جلا بخش کر اسے معاشرے میں ممتاز مقام عطا کرتی ہے۔

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معنی
حصول علم	علم حاصل کرنا
لازم	ضروری
بالیدگی	ترقی
جلا بخشنا	نکھارنا

عبارت نمبر4۔ دوستی ایک نہایت قیمتی اور پائیدار رشتہ ہے۔جو باہمی اخلاص اور اعتماد پر استوار ہوتا ہے۔ مخلص دوست کٹھن حالات میں بھی اپنی وفا داری کا ثبوت دے کر انسان کے لیے سہارا بنتے ہیں۔

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معنی
پائیدار	مضبوط
اخلاص	سچائی
اعتماد	بھروسا
وفاداری	ساتھ دینا

عبارت نمبر5۔ وقت ایک نہایت قیمتی متاع ہے۔جس کی قدر شناسی انسان کو کامیابی کی منزل مقصود تک پہنچاتی ہے۔جو لوگ اس بیش بہادولت کو ضائع کرتے ہیں،وہ اپنی غفلت کے باعث ناکامی سے دوچار ہو جاتے ہیں۔

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	**معنی**
متاع	قیمتی دولت
قدر شناسی	اہمیت کو سمجھنا
منزلِ مقصود	مقصد
غفلت	بے خبری

عبارت نمبر6 ۔انسانی معاشرے کی ترقی کا دارومدار اخلاقی اقدار کی پاسداری اور علم و شعور کی ترویج پر ہوتا ہے۔جو قوم اپنی روایات اور اصولوں کو نظر انداز کر دیتی ہے تو وہ زوال کا شکار ہوجاتی ہے۔

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معنی
ترقی	آگے بڑھنا
پاسداری	قائم رکھنا
ترویج	پھیلانا
روایات	رسم ورواج
زوال	کمزور ہونا

کہانیاں

خاکہ نمبر1۔



کہانی نمبر1۔ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک لکڑہارا لکڑیاں کاٹ رہا تھا کہ اس کا کلہاڑا دریا میں گر گیا۔لکڑہارا پریشان ہوکر رونے لگا۔اچانک دریا سے پانی کا فرشتہ نمودار ہوا اور اس نے لکڑہارے کو سونے اور چاندی کا کلہاڑا دیتے ہوئے پوچھا کہ ان میں سے تمہارا کلہاڑا کون سا ہے؟لیکن لکڑہارے نے اپنا اپنا سادہ کلہاڑا مانگا اور سونے چاندی کا کلہاڑا لینے سے انکار کر دیا۔پانی کا فرشتہ اس کی ایمانداری سے خوش ہوا اوراسے تینوں کلہاڑے بطور انعام دے دیئے۔

نتیجہ۔ایمانداری کا صلہ ملتا ہے۔

خاکہ نمبر2۔



کہانی نمبر2۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک بھوکی لومڑی جنگل میں کھانا تلاش کرر ہی تھی کہ اس کی نظر انگوروں کی بیل پر پڑی جہاں تازہ انگور نظر آرہے تھے۔وہ انگور دیکھ کر بہت خوش ہوئی اور انھیں کھانے کے لیےاچھلنے کودنے لگی۔انگور بہت اونچے تھے لومڑی باربار کوشش کے باوجود ان تک نہ پہنچ سکی۔آخر کار وہ غصے سے مایوس کر وہاں سے چلی گئی اور کہنے لگی انگور کھٹے ہیں۔

نتیجہ۔ناکامی پر بہانے نہیں بنانے چاہیے۔

خاکہ نمبر3۔



کہانی نمبر3۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک چھیونٹی گرمیوں میں محنت کر کے دن رات کھانا جمع کر رہی تھی۔وہ سردیوں کے لیے اناج اکھٹا کر رہی تھی تاکہ سخت سردی میں کھانا تلاش نہ کرنا پڑے اور بھوکے نہ رہنا پڑے۔دوسری طرف ایک ٹڈا ان کا روز مذاق اڑاتا تھااور پورا دن گانا بجاتا رہتا اور وقت ضائع کرتا رہتا تھا۔جب سخت سردیاں آئیں تو ٹڈے کے پاس کھانے کو کچھ نہ تھااور اسے بھوک ستانے لگی۔اسے مجبوراً چیونٹی سے مدد مانگنا پڑی اور شرمندہ سا ہو کر رہ گیا۔

نتیجہ۔محنت کرنے سے مشکل وقت کو ٹالا جا سکتا ہے۔

خاکہ نمبر4۔



کہانی نمبر:4 ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک چرواہا روز اپنی بکریاں چروا گاہ میں لے جاتا تھا۔وہ اکیلا رہ کر کبھی کبھی لوگوسے مذاق کرنے کے لیے شور مچاتا کہ بھیڑیا آگیاہے۔گاؤں کے لوگ بار بار اس کی مدد کو دوڑتے مگر وہاں کوئی بھیڑیا نہیں ہوتا تھا۔چرواہا ہنستا اور مذاق بناتا رہتا تھا۔ایک دن واقعی ایک بھیڑیا آگیا اور بھیڑوں پر حملہ کر دیا۔چرواہے نے مدد کے لیے شورمچایا مگر اس بار کوئی بھی نہ آیا۔

نتیجہ۔جھوٹ کا برا انجام

الفاظ متضاد

1۔خوشبو	بدبو
2۔آغاز	اختتام
3۔روشن	مدھم
4۔پختہ	کچا
5۔خشک	تر
6۔سیدھا	ٹیڑھا
7۔سچا	جھوٹا
8۔مکمل	نامکمل
9۔حاضر	غائب
10۔جائز	ناجائز
11۔بہتر	بدتر
12۔پرسکون	بے چین
13۔مہذب	بدتہذیب
14۔باادب	بے ادب
15۔امی	ابو
16۔چچی	چچا
17۔خالہ	خالو
18۔بھائی	بہن
19۔مشکل	سادہ
20۔محتاط	لاپرواہ
21۔بہار	خزاں
22۔گرمی	سردی
23۔سختی	نرمی
24۔حلال	حرام

25۔پاک	ناپاک
26۔جاندار	بے جان
27۔خوشحال	بدحال
28۔قوی	ضعیف
29۔نرم دل	سنگ دل
30۔حقیقت	جھوٹ
31۔آباد	ویران
32۔مہنگا	سستا
33۔محبت وطن	غدار
34۔باخبر	بے خبر
35۔مخفی	ظاہر
36۔فطری	غیر فطری
37۔مستند	غیر مستند
38۔قابل	ناقابل
39۔منظم	غیر منظم
40۔جامع	محدود
41۔مخلص	منافق
42۔حکمت	حماقت
43۔بصیرت	نادانی
44۔فلاح	زوال
45۔دیانت	خیانت
46۔رفعت	پستی
47۔شجاعت	بزدلی
48۔عدل	ظلم
49۔فصیح	غیر فصیح
50۔پابندی	آزادی

الفاظ مترادف

1. آغاز	ابتدا
2. اختتام	انجام
3. کامیابی	کامرانی
4. حیات	زندگی
5. موت	وفات
6. صحت	تندرستی
7. بیماری	مرض
8. دوا	علاج
9. ڈاکٹر	طبیب
10. سمندر	بحر
11. باد صبا	صبح کی ہوا
12. صبح	سحر
13. رات	شب
14. ناامیدی	مایوسی
15. بیوقوف	نادان
16. پرانی	قدیم
17. فصاحت	بلاغت
18. ندامت	پشیمانی
19. مسرت	شادمانی
20. تعجب	حیرت
21. تغیر	تبدیلی
22. تکمیل	مکمل کرنا
23. حوصلہ	عزم
24. خیرات	صدقہ
25. ذلت	رسوائی
26. سکوت	خاموشی
27. شکوہ	گلہ
28. غفلت	لاپرواہی
29. فلاح	کامیابی
30. قناعت	اطمینان
31. قلت	کمی
32. لطافت	نزاکت

33. کثرت	بہتات
34. صبر	تحمل
35. طہارت	پاکیزگی
36. خلوص	اخلاص
37. استدلال	دلیل
38. انکسار	عاجزی
39. انحراف	کجی
40. تحسین	تعریف
41. ایثار	قربانی
42. تسکین	راحت
43. تدبیر	حکمت
44. اجلال	تعظیم
45. تعظیم	تکریم
46. تحریص	اکسانا
47. معاندت	دشمنی
48. استبداد	آمریت
49. مساعی	کوشش
50. تفویض	سپردگی

مذکر مونث

مذکر	مونث
1۔سائل	سائلہ
2۔ناظم	ناظمہ
3۔مالک	مالکن
4۔طبیب	طبیبہ
5۔مصنف	مصنفہ
6۔مترجم	مترجمہ
7۔مورخ	مورخہ
8۔منصف	منصفہ

9۔مدعی	مدعیہ
10۔پھوپھا	پھوپھی
11۔دیو	دیوی
12۔بندر	بندریا
13۔کانا	کانی
14۔بادشاہ	ملکہ
15۔شہزادہ	شہزادی
16۔لومڑ	لومڑی
17۔سانپ	ناگن
18۔طوطا	طوطی
19۔مدرس	مدررسہ
20۔پوتا	پوتی
21۔سالا	سالی
22۔ادیب	ادیبہ
23۔درزی	درزن
24۔بھانجا	بھانجی
25۔رفیق	رفیقہ
26۔ہرن	ہرنی
27۔بکرا	بکری
28۔مور	مورنی
29۔بطخا	بطخ
30۔مصور	مصورہ
31۔خادم	خادمہ
32۔مبلغ	مبلغہ
33۔چڑا	چڑیا
34۔پٹواری	پٹوارن

35۔ بھتیجا	بھتیجی
36۔نانا	نانی
37۔پٹھان	پٹھانی
38۔دیور	دیورانی
39۔حلوائی	حلوائن
40۔سلطان	سلطانہ
41۔چھوکرا	چھوکری
42۔ بھنگی	بھنگن
43۔ گوالا	گوالن
44۔نواب	بیگم
45۔والد	والدہ
46۔بندہ	بندریا
47۔بڈھا	بڈھی
48۔بیچارا	بیچاری
49۔گنجا	گنجی
50۔ہمسایہ	ہمسائی

واحد جمع

واحد	جمع
1۔دیہہ	بیہات
2۔دور	ادوار
3۔خبر	اخبار
4۔رسم	رسوم
5۔فتح	فتوحات
6۔نادر	نوادر
7۔رقم	رقوم

8۔قوم	اقوام
9۔لقب	القاب
10۔رکن	ارکان
11۔آیت	آیات
12۔آفت	آفات
13۔جن	جنات
14۔صفت	صفات
15۔خیال	خیالات
16۔شکایت	شکایات
17۔امر	امور
18۔اکابر	اکابرین
19۔احکام	احکامات
20۔عجیب	عجائب
21۔مقصد	مقاصد
22۔مذہب	مذاہب
23۔خادم	خادمین
24۔طرف	اطراف
25۔مرض	امراض
26۔قبر	قبور
27۔ذہن	اذہان
28۔حد	حدود
29۔جاہل	جہلا
30۔مسئلہ	مسائل
31۔روح	ارواح
32۔مسجد	مساجد
33۔طور	اطوار

34۔خاتون	خواتین
35۔عزم	عزائم
36۔عادت	ادات
37۔خطرہ	خطرات
38۔خلیفہ	خلفا
39۔خواہش	خواہشیں
40۔نقل	نقول
41۔قسم	اقسام
42۔وقت	اوقات
43۔فن	فنون
44۔شئے	اشیا
45۔سفر	اسفار
46۔تصویر	تصاویر
47۔رفیق	رفقا
48۔کافر	کفار
49۔محل	محلات
50۔مقام	مقامات

املا کی درستی

املا غلط	املا درست
1۔معمہ	معما
2۔چھہارا	چھوارا
3۔ہائل	حائل
4۔تحس نحس	تہس نہس
5۔حونق	ہونق
6۔سرہانہ	سرحانہ

7۔ تمہیں	تمھیں
8۔ابتداء	ابتدا
9۔شایستہ	شائستہ
10۔نمائندہ	نمایندہ
11۔جناب علی	جناب عالی
12۔ذخیرا	ذخیرہ
13۔استبل	اصطبل
14۔کوطوال	کوتوال
15۔دھوکہ	دھوکا
16۔ادباء	ادبا
17۔گذشتہ	کزشتہ
18۔محتاجگی	محتاجی
19۔مشکور	شکر گزار
20۔پہونچنا	نچنا
21۔دلپسند	دل پسند
22۔انتزام	انتظام
23۔ تسور	تصور
24۔مزاق	مذاق
25۔مسلہ	مسئلہ
26۔ قران	قرآن
27۔متعلک	متعلق
28۔ معزرت	معذرت
29۔استھصال	استحصال
30۔مسولیت	مسؤلیت

جملوں کی درستی

جملہ غلط	جملہ درست
1۔یہ کس کی قلم ہے	یہ کس کا قلم ہے
2۔اسلم نے نیا قمیض پہنا	اسلم نے نئ قمیض پہنی
3۔یہ میز کس نے بنایا ہے؟	یہ میز کس نے بنائی ہے
4۔ان کا گیند میری چھت پر گرا	ان کی گیند میری چھت پر گری
5۔اس کا ناک بہہ رہا ہے	اس کی ناک بہہ رہی ہے
6۔اس کے مزاج میں پختگی در آیا	اس کے مزاج میں پختگی در آئی
7۔میرے سر میں درد ہو رہی ہے	میرے سر میں درد ہو رہا ہے
8۔اس کے ہاتھ سے دہی گر گئی	اس کے ہاتھ سے دہی گر گیا
9۔اس کی دہی کھٹی ہے	اس کا دہی کھٹا ہے
10۔میں نے کتاب کو پڑھا	میں نے کتاب پڑھی
11۔آج کی اخبار کہاں ہے	آج کا اخبار کہاں ہے
12۔ہم نے حج کرنا ہے	ہمیں حج کرنا ہے
13۔عورتوں نے کہا ہم کہانی سناتی ہیں	عورتوں نے کہا ہم کہانی سناتے ہیں
14۔جی نے چاہا تو ضرور آؤں گا	جی چاہا تو ضرور آؤں گا
15عورتوں نے کہا ہم آگئی ہیں	عورتوں نے کہا ہم آگئے ہیں
16۔بارش برس رہی ہے	بادل برس رہا ہے
17۔آپ کو تار ملی	آپ کو تار ملا
18۔اپنی اپنی کھیل جاری رکھو	اپنا اپنا کھیل جاری رکھو
19۔انھوں نے کہیں نہیں جانا	انھیں کہیں نہیں جانا
20۔یہ دہی کھٹی ہے	یہ دہی کھٹا ہے

اسم ،فعل اور حرف

سوال:درج ذیل جملوں کو پڑھ کر اسم اور فعل کی نشاندہی کریں۔

اسم:کسی شخص ،چیز ،جگہ کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

فعل:کسی کام کے کرنے،ہونے یا سہنے کو فعل کہتے ہیں۔

حرف:کسی اسم یا فعل کو ظاہر نہ کرے بلکہ اسم یا فعل کو ملانے کے لیے استعمال کیا جائے۔

	اسم	فعل	حرف
1۔**اسلم** نے کھانا کھایا	اسلم	کھایا	نے
2۔ہم **لاہور** میں رہتے ہیں	لاہور	رہتے	میں
3۔یہ **قلم** اچھا ہے	قلم	کوئی نہیں	کوئی نہیں
4۔**علامہ اقبال** ہمارے قومی شاعر ہیں	علامہ اقبال،شاعر	کوئی نہیں	کوئی نہیں
5۔**دریا** میں **پانی** بہت کم ہے	دریا ،پانی	کوئی نہیں	کوئی نہیں
6۔**درخت** پر **پرندے** بیٹھے ہیں	درخت،پرندے	بیٹھے	کوئی نہیں
7۔**مور جنگل** میں ناچا	مور ،جنگل	ناچا	میں
8۔**استاد کمرے** میں نہیں بیٹھے تھے۔	استاد،کمرے	بیٹھے تھے	پر
9۔باغ میں پھول کھلیں ہیں	باغ،پھول	کھلیں ہیں	ناچا
10۔علی سکول جاتا ہے	علی،سکول	جاتا ہے	میں
11۔بلی دودھ پی رہی ہے۔	بلی،دودھ	پی رہی ہے	کوئی نہیں
12۔احمد کتاب پڑھ رہا ہے	احمد،کتاب	پڑھ رہا ہے	کوئی نہیں
13۔میرا بھائی بازار گیا۔	میرا،بھائی،بازار	گیا۔	کوئی نہیں
14۔استاد سبق پڑھا رہا ہے	استاد،سبق	پڑھا رہا ہے	کوئی نہیں
15۔لڑکی پانی پی رہی ہے۔	لڑکی ،پانی	پی رہی ہے	کوئی نہیں
16۔آسمان پر بجلی چمک رہی ہے۔	آسمان،بجلی	چمک رہی ہے	پر
17۔آسمان پر بادل ہیں۔	آسمان،بادل	ہیں	پر
18۔بچے کھیل رہے ہیں۔	بچے	کھیل رہے ہیں	کوئی نہیں
19۔ماں کھانا بنا رہی ہے	ماں،کھانا	بنا رہی ہے	کوئی نہیں
20۔ابو دفتر گئے ہیں۔	ابو،دفتر	گئے ہیں	کوئی نہیں
21۔میں نے قلم خریدا	میں ، قلم	خریدا	نے
22۔کمرے میں کرسی رکھی ہے۔	کمرے،کرسی	رکھی ہے	میں
23۔علی نے گیند اچھالی	علی،گیند	اچھالی	نے
24۔فاطمہ سکول گئی۔	فاطمہ ،سکول	گئی	کوئی نہیں
25۔سورج چمک رہا ہے	سورج	چمک رہا ہے	کوئی نہیں
26۔چاند آسمان پر چمک رہا ہے	چاند،آسمان	چمک رہا ہے	پر
27۔گائے گھاس کھا رہی ہے۔	گائے،گھاس	کھا رہی ہے	کوئی نہیں
28۔کسان کھیت میں کام کر رہا ہے۔	کسان ،کھیت	کام کر رہا ہے	میں
29۔دریا کا پانی ٹھنڈا ہے۔	دریا پانی	ٹھنڈا ہے	کا

30۔بچے پارک میں کھیل رہے ہیں۔	بچے،پارک	کھیل رہے ہیں	میں
31۔استاد نے سوال پوچھا؟	استاد ،سوال	پوچھا	نے
32۔علی سائیکل چلا رہا ہے؟	علی ،سائیکل	چلا رہا ہے	کوئی نہیں
33۔پرندہ آسمان میں اڑ رہا ہے۔	پرندہ،آسمان	اڑ رہا ہے	میں
34۔ہم مسجد میں گئے۔	ہم،مسجد	گئے	میں
35۔علی نے دوست کو بلایا	علی،دوست	بلایا	نے،کو
36۔کتا بھونک رہا ہے۔	کتا	بھونک رہا ہے	کوئی نہیں
37۔کھیت میں فصل تیار ہے۔	کھیت،فصل	تیار ہے	میں
38۔گاڑی سڑک پر چل رہی ہے۔	گاڑی،سڑک	چل رہی ہے	پر
39۔لڑکی نے پھول توڑا۔	لڑکی ،پھول	توڑا'	نے
40۔بکری گھاس کھا رہی ہے۔	بکری،گھاس	کھا رہی ہے	کوئی نہیں
41۔سکول میں چھٹی ہوگئی۔	سکول،چھٹی	ہوگئی	میں
42۔لڑکے نے بیگ اٹھایا۔	لڑکے ،بیگ	اٹھایا	نے
43۔استاد نے سبق سمجھایا۔	استاد،سبق	سمجھایا	نے
44۔میں نے شربت پیا۔	میں ،شربت	پیا	نے
45۔ماں نے کپڑے دھوئے	ماں،کپڑے	دھوئے	نے
46۔علی نے کتاب خریدی۔	علی،کتاب	خریدی	نے
47۔ہم نے پارک میں سیر کی۔	ہم،پارک،سیر	کی	نے
48۔لڑکی نے گانا گایا۔	لڑکی،گانا	گایا	نے
49۔استاد نے بچوں کو ڈانٹا۔	استاد ،بچوں	ڈانٹا	نے،کو
50۔علی نے کتاب میز پر رکھی۔	علی ،کتاب،میز	رکھی	نے ،پر
51۔احمد کو استاد نے سبق سمجھایا تھا۔	احمد،استاد،سبق	سمجھایا تھا	کو،نے
52۔فاطمہ نے پانی گلاس میں ڈالا۔	فاطمہ ،پانی،گلاس	ڈالا	نے،میں
53۔بچے پارک میں کھیل رہے ہیں۔	بچے،پارک	کھیل رہے ہیں	میں
54۔ماں نے کھانا چولہے پر پکایا۔	ماں،کھانا،چولہا	پکایا	نے ،پر
55۔استاد نے طالبعلم سے سوال پوچھے۔	استاد،پالبعلم،سوال	پوچھے	نے،سے
56۔علی نے گیند دیوار پر دے ماری۔	علی ،گیند ،دیوار	دے ماری	نے،پر
57۔بلی نے دودھ پیالے میں پیا۔	بلی،دودھ،پیالے	پیا	نے،میں
58۔علی نے اسلم کو میسج کیا۔	علی،اسلم،میسج	کیا	نے،کو
60۔پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا۔	پٹرول، قیمتوں،اضافہ	ہوگیا	کی،میں
61۔کسان نے کھیت میں گندم کا بیج بویا۔	کسان،کھیت،گندم،بیج	بویا	نے،کا
62۔پرندے نے درخت پر گھونسلا بنایا۔	پرندے،درخت،گھونسلا	بنایا	نے،پر
63۔ہم نے مسجد میں نماز پڑھی۔	ہم،مسجد،نماز	پڑھی	نے،میں
64۔ابو نے لیپ ٹاپ کا تحفہ دیا۔	ابو،لیپ ٹاپ،تحفہ	دیا	نے،کا
65۔علی نے تصویر دیوار پر لگائی ۔	علی،تصویر،دیوار	لگائی	نے،پر

66۔لڑکے نے کتاب میز سے اٹھائی۔	لڑکے ،کتاب،میز	اٹھائی	نے،سے
67۔ہم نے کہانی کتاب میں پڑھی۔	ہم،کہانی،کتاب	پڑھی	نے،میں
68۔اکرم نے نیا آئی فون خریدا ہے۔	اکرم،نیا آئی فون	خریدا ہے	نے
69۔علی ظفر نے گانا گایا۔	علی ظفر،گانا	گایا	نے
70۔ماں نے کپڑے سکھانے کے لیے مشین لگائی۔	ماں،کپڑے،مشین	سکھانے،لگائی	نے،کے لیے
71۔ہم نے فلم نیٹ فلکس سے دیکھی۔	ہم،فلم،نیٹ فلکس	دیکھی	نے،سے
72۔عالیہ نے بہت اچھی پینٹنگ بنائی ہے۔	عالیہ،پینٹنگ	بنائی ہے	نے
73۔بلی نے چوہے کو مار دیا۔	بلی،چوہا	مار دیا	نے،کو
74۔احمد نے انسٹاگرام پر تصویر لگائی ہے۔	احمد،انسٹاگرام،تصویر	لگائی ہے	نے،پر
75۔گوگل سے معلومات حاصل کیجیے۔	گوگل،معلومات	حاصل کیجیے	سے
76۔ہم نے زوم پر آنلائن کلاس پڑھی۔	ہم،زوم،آنلائن	پڑھی	نے،پر
77۔احمد نے فیس بک پر پوسٹ شئیر کی۔	احمد،فیس بک،پوسٹ	شئیر کی	نے ،پر
78۔علی نے ایپ سے کھانا آڈر کیا۔	علی،کھانا، ایپ	آڈر کیا۔	نے،سے
79۔احمد نے ای میل کے ذریعے پیغام بھیجا۔	احمد،ای میل،پیغام	بھیجا	نے ،کے
80۔استاد نے سمارٹ بورڈ پر لیکچر لیا۔	استاد،سمارٹ بورڈ،لیکچر	لیا	نے،پر
81۔علی نے انٹر نیٹ سے ویڈیو حاصل کی۔	علی،انٹرنیٹ،ویڈیو	حاصل کی	نے،سے
82۔فاطمہ نے بنک ایپ سے پیسے شیئر کیے۔	فاطمہ،بینک ایپ،پیسے	شئیر کیے	نے،سے
83۔بچے نے لیپ ٹاپ پر گیم کھیلی۔	بچے،لیپ ٹاپ ،گیم	کھیلی	نے،پر
84۔علی نے اے آئی سے مضمون لکھوایا۔	علی،آے آئی،مضمون	لکھوایا	نے،سے
85۔احمد فری لانسنگ سے پیسے کماتا ہے۔	احمد،فری لانسنگ،پیسے	کماتا ہے	سے
86۔ہم نے بلاگ پر آرٹیکل شائع کروایا۔	ہم،بلاگ،آرٹیکل	شائع کروایا	نے،پر
87۔علی نے یوٹیوب پر چینل بنا رکھا ہے۔	علی،یوٹیوب،چینل	بنا رکھا ہے	نے،پر
88۔لڑکی نے کینوا پر ڈیزائن بنایا۔	لڑکی،کینوا،ڈیزائن	بنایا	نے،پر
89۔انسٹاگرام پر ویڈیوز دیکھنا معمول بن گیا ہے۔	انسٹاگرام،ویڈیوز،معمول	دیکھنا،بن گیا ہے	پر
90۔تمہارے موبائل کی سکرین ٹوٹ گئی۔	تمہارے،موبائل،سکرین	ٹوٹ گئی	کی
91۔احمد نے کمپیوٹر کورس میں داخلہ لیا ہے۔،	احمد،کمپیوٹر کورس	داخلہ لیا ہے	نے،میں
92۔ڈاکٹر نے دوا لکھ کر دی۔	ڈاکٹر،دوا	لکھ کر دی	نے
93۔کیمرہ مین نے تصویر بنائی۔	کیمرہ مین،تصویر	بنائی	نے
94۔احمد نے چائے گرم کی۔	احمد،چائے ،گرم	کی	نے
95۔میرے بھائی کا ویزہ آگیا ہے۔	میرے بھائی،ویزہ	آگیا ہے	کا
96۔احمد نے برطانیہ سے تعلیم حاصل کی۔	احمد ،برطانیہ، تعلیم	حاصل کی	نے،سے
97۔پانی کا بل بہت زیادہ آیا ہے	پانی،بل،زیادہ	آیا ہے	کا
98۔ صبح کے وقت پرندے چہچہاتے ہیں۔	صبح،پرندے،،وقت	چہچہاتے ہیں	کے
99۔احمد نے ای بائیک خریدی۔	احمد،ای بائیک	خریدی	نے
100۔علی ان ڈرائیو پر کام کرتا ہے۔	علی ،ان ڈرائیو،کام	کرتا	پر

ماڈل پیپر اُردو(لازمی) برائے سال دوم

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن)

برائے متاثرہ سماعت طلبا و طالبات

حصہ معروضی

کل نمبر: 20 وقت: 30منٹ

نوٹ:ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔جوابی کاپی پر درست جواب پر نشان لگایئے ۔ایک سے زیادہ جوابات پر نشان لگانے یا کاٹ کر لکھنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1۔لفظ گلوکار کی مونث ہو گی۔

1۔گلوکارہ 2۔محدثہ 3۔مکرمہ 4۔مکرمی

2۔درج ذیل میں لفظ شہزادہ کی مونث بتائیں۔

1۔شہزادی 2۔ملکہ 3سلطانہ 4۔بادشاہ

3۔دلہا کی مونث ہو گی۔

1۔دلہن 2۔ملکہ 3۔رئیسانی 4۔کوئی نہیں

4۔خادم کا مذکر کیا ہو گا۔

1۔کوئی نہیں 2۔ملکہ 3۔خادمہ 4۔رئیس

5۔اداکار کی مونث کیا ہے۔

1۔کوئی نہیں 2۔اداکارہ 3۔ملکہ 4۔قصیدہ

6۔واحد جمع میں رسم کی جمع کیا ہو گی۔

1۔کوئی نہیں 2۔رسوم 3۔کتابات 4۔قصد

7۔نادر کی جمع بتائیں۔

1۔کوئی نہیں 2۔سبوق 3۔نوادر 4۔سبقیں

8۔غزل کی جمع ہو گی۔

1۔غزال 2۔غزلیں 3۔غزول 4۔غزیل

9۔عمارت کی جمع ہو گی۔

1۔عمارت 2۔کوئی نہیں 3۔عمارتیں 4۔عمارتات

10۔قوم کی جمع ہو گی۔

1۔کوئی نہیں　2۔اقوام　3۔قومیں　4۔قوام

11۔درست املا کی نشاندہی کریں۔

1۔کوئی نہیں　2۔چودھری　3۔چوہدری　4۔چھہدری

12۔درست املا کی نشاندہی کریں

1۔حیرانی　2۔حیرانگی　3۔ہیرانی　4۔حیرانی

13۔درست املا کی نشادہی کریں

1۔کوئی نہیں　2۔دوکان　3۔دکان　4۔دیکان

14۔درست املا کی نشادہی کریں۔

1۔درستی　2۔درستگی　3۔درستیگی　4۔درستیا

15۔درست املا کی نشاندہی کریں۔

1۔فی الواقع　2۔فی الواقعہ　3۔فی الوقوع　4۔فی واقعہ

16۔درست جملے کی نشاندہی کریں۔

A. ہم نے حساب کا قائدہ سیکھا
B. ہم نے حساب کا قاعدہ سیکھا
C. ہم حساب کے قائدے سیکھے
D. کوئی نہیں

17۔درست جملہ کی نشاندہی کریں۔

A. دونوں لڑکیاں کل صبح آئیں گیں
B. دونوں لڑکیاں کل صبح آئیں گی
C. دونوں لڑکی کل صبح آئیں گیں
D. کوئی نہیں

18۔یہ دہی ۔۔۔۔۔ہے۔

1۔کھٹا　2۔کھٹی　3۔دونوں　4۔کوئی نہیں

19۔درست جملہ ہو گا۔

A. راشد کو کراچی جانا ہے
B. راشد نے کراچی جانا ہے
C. راشد کراچی جانا ہے
D. کوئی نہیں

20۔میں نے ہر۔۔۔۔ کی سیر کی

A. ملک

B. ممالک

C۔ملکوں

D۔ کوئی نہیں

ماڈل پیپر اُردو(لازمی) برائے سال دوم

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن)

برائے متاثرہ سماعت طلبا و طالبات

حصہ گرامر

کل نمبر: 80 وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ

سوال نمبر1۔درج ذیل خطوط میں سے ایک خط تحریر کریں **10**

ا۔معاشرے میں بڑھتے ہوئے سٹریٹ کرائم کے خلاف ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کو خط لکھیں۔

یا

ب۔اخبار کے مدیر کے نام ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے تجاویز لکھیں۔

سوال نمبر2۔ درج ذیل درخواستوں میں سے ایک درخواست لکھیں۔ **10**

ا۔مانیٹرنگ آفیسر ستھرا پنجاب کے نام محلے کی صفائی کی درخواست لکھیں۔

یا

ب۔بجلی کا میٹر بدلنے کے لیے ایس ڈی او واپڈا کے نام درخواست لکھیں۔

سوال نمبر3۔درج ذیل ضرب المثال مکمل کریں۔ **10**

1۔ایک تیر سے۔۔۔۔

2۔سو سنار کی ۔۔۔۔

3۔بوند بوند سے ۔۔۔

4۔ہاتھی کے دانت۔۔۔۔

5۔چڑی جائے پر۔۔۔۔

6۔ایک اور ایک۔۔۔۔

7۔عقل بڑی یا۔۔۔

8۔جیسا نمک۔۔۔۔

9۔کم کھاو۔۔۔۔

10۔ہر چمکتی چیز۔۔۔۔۔

سوال نمبر4۔درج ذیل خاکہ دیکھ کر کہانی لکھیں ۔ 10



سوال نمبر5۔عبارت پڑھ کر مشکل الفاظ کے معنی لکھیں(کوئی سے پانچ) ۔ 10

عبارت نمبر1۔اانسانی معاشرے کی ترقی کا دارومدار اخلاقی اقدار کی پاسداری اور علم و شعور کی ترویج پر ہوتا ہے۔جو قوم اپنی روایات اور اصولوں کو نظر انداز کردیتی ہے تو وہ زوال کا شکار ہوجاتی ہے۔

عبارت نمبر2۔ بحصول علم ہر انسان پر نہایت لازم ہے۔کیونکہ یہی انسان کی فکری اور عملی بالیدگی کا باعث بنتا ہے۔علم کی روشنی انسان کی شخصیت کو جلا بخش کر اسے معاشرے میں ممتاز مقام عطا کرتی ہے۔

سوال نمبر6 ۔درج ذیل الفاظ کے مترداف لکھیں۔ 10

1۔معاندت 2 ۔استبداد 3 ۔تعظیم 4۔تدبیر 5 ۔تحریض 6 ۔اجلال 7۔تسکین

8۔مساعی 9 ۔ایثار 10 ۔ تفویض

سوال نمبر7 ۔درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔10

1۔بلندی 2۔وفا 3۔طاقت 4۔ترقی 5۔آزادی 6۔انصاف 7۔صبر

8۔روشنی 9۔عزت 10۔ہمت

سوال نمبر8۔درج ذیل جملوں سے اسم فعل اور حرف کی پہچان کرتے ہوئے اسم اور فعل لکھیں۔

1۔اسلم نے کھانا کھایا

2۔ہم لاہور میں رہتے ہیں

3۔یہ قلم اچھا ہے

4۔علامہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں

5۔دریا میں پانی بہت کم ہے

6۔درخت پر پرندے بیٹھے ہیں

7۔مور جنگل میں ناچا

8۔استاد کمرے میں نہیں بیٹھے تھے۔

9۔باغ میں پھول کھلیں ہیں

10۔علی سکول جاتا ہے

==========

ISLAMIAT

(Compulsory)

نصاب اسلامیات (لازمی)
ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن (سال دوئم)
برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

اہداف ومقاصد:

1. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کو اسلام کے بنیادی عقائد اور اسلامی تشخص پر مثبت طور پر اثر انداز ہونے والے عوامل سے روشناس کرانا۔
2. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کے قلوب واذہان میں رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی محبت اور اتباع کا جذبہ بیدار کرنا۔
3. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کے لیے بنیادی اسلامی تعلیمات کے ادراک کو عام فہم بنانا اور ان کی تربیت اسلامی نہج پر پہنچانا۔

ضروری گزارشات:

1- اساتذہ کرام متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کی اہلیت کو مد نظر رکھتے ہوئے مختصر مگر جامع جوابات تحریر کروائیں۔

2- ممتحن حضرات پرچہ جات کی ترتیب اور مارکینگ کے دوران متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کی اہلیت اور یاداشت کو مد نظر رکھیں۔

3۔ پرچہ جات کی ترتیب دیے گئے نصاب اور ماڈل پیپرز کے مطابق ہی کی جائے تاکہ متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کو پیپر سمجھنے اور حل کرنے میں آسانی ہو۔

امتحانی پرچہ میں نمبروں کی تقسیم

کل نمبر 50

معروضی طرز:

کثیر الانتخابی سوالات 10

انشائیہ طرز:

مختصر سوالات: 12

آیات واحادیث کا ترجمہ: 8

تفصیلی سوالات: 20

نصابی خاکہ

باب اول: بنیادی عقائد

باب دوم: اسلامی تشخص

باب سوم: اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

باب چہارم: تعارف قرآن وحدیث

باب اول

بنیادی عقائد

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

1. اسلام کے بنیادی عقائد کا مختصر تعارف بیان کریں۔
2. انسانی زندگی پر عقیدہ توحید کے اثرات بیان کریں۔
3. رسالت محمدی کی امتیازی خصوصیات بیان کریں۔
4. انسانی زندگی پر عقیدہ آخرت کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1. عقائد سے کیا مراد ہے؟
2. شرک کی کتنی اقسام ہیں؟ نام لکھیں۔
3. انبیاء کرام علیہم السلام کی چار خصوصیات بیان کریں۔
4. چار مشہور کتابوں کے نام لکھیں۔
5. آخری آسمانی کتاب کا کیا نام ہے؟ یہ کس نبی پر نازل ہوئی؟
6. رسول کسے کہتے ہیں؟
7. قرآن مجید کی سورتوں اور پاروں کی تعداد بتائیں۔
8. قرآن مجید کی سب سے بڑی اور سب سے چھوٹی سورت کا نام بتائیں۔
9. چار مشہور فرشتوں کے نام لکھیں۔
10. فرشتے کون ہوتے ہیں؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

I. اسلامی عقائد میں سب سے پہلا عقیدہ ہے۔

i. آخرت پر ایمان

ii. توحید

iii. رسالت

iv. آسمانی کتابوں پر ایمان

II. قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے:

i. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے

ii. اللہ تعالیٰ نے

iii. فرشتوں نے

iv. انسانوں نے

III. حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کتاب نازل ہوئی:

i. قرآن مجید

ii. تورات

iii. زبور

iv. انجیل

IV. قرآن مجید کی زبان ہے:

i. اردو

ii. عربی

iii. فارسی

iv. پنجابی

V. اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی ہیں:

i. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ii. حضرت آدم علیہ السلام

iii. حضرت عیسیٰ علیہ السلام

iv. حضرت ابراہیم علیہ السلام

VI. حضرت موسیٰ علیہ السلام پر کتاب نازل ہوئی:

i. قرآن مجید

ii. تورات

iii. انجیل

iv. زبور

VII. حضرت داؤد علیہ السلام پر کونسی کتاب نازل ہوئی؟

i. تورات

ii. زبور

iii. انجیل

iv. قرآن مجید

VIII. نبی کے معنی ہیں:

i. خوشخبری دینے والا

ii. بشارت دینے والا

iii. خبر دینے والا

iv. ڈرانے والا

IX. بعض روایات کے مطابق انبیاء کرام علیہم السلام کی تعداد ہے:

i. ایک لاکھ چوبیس ہزار

ii. دولاکھ چوبیس ہزار

iii. ایک لاکھ چالیس ہزار

iv. ایک لاکھ پچاس ہزار

X. فرشتے مخلوق ہوتے ہیں:

i. نوری

ii. ناری

iii. خاکی

iv. انسانی

باب دوم

اسلامی تشخص

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

i. ارکان اسلام کا مختصر تعارف بیان کریں۔

ii. فرد کی تعمیر سیرت اور معاشرے کی تشکیل میں نماز کیا کردار ادا کرتی ہے؟

iii. روزے کے فوائد بیان کریں۔

iv. مصارف زکوٰۃ پر نوٹ لکھیں۔

v. والدین کے حقوق بیان کریں۔

vi. اولاد کے حقوق ہت نوٹ لکھیں۔

vii. استاد کے حقوق بیان کریں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

i. نماز کیسے کاموں سے روکتی ہے؟

ii. تقویٰ کا مفہوم بیان کریں۔

iii. زکوٰۃ کا نصاب کیا ہے؟

iv. منافق کی تین نشانیاں بتائیں۔

v. جہاد کی اقسام ہیں۔

vi. حقوق العباد سے کیا مراد ہے؟

vii. ہمسایوں کے دو حقوق بیان کریں۔

viii. چار محاسن اخلاق کے نام لکھیں۔

ix. چار رزائل اخلاق کے نام لکھیں۔

x. شریعت کی اصطلاح میں جہاد سے کیا مراد ہے؟

xi. دہشت گردی کی تعریف بیان کریں۔

xii. دہشت گردی کے معاشرے پر مرتب ہونے والے دو منفی اثرات تحریر کریں۔

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1. قیامت کے دن سب سے پہلے حساب لیا جاتا ہے۔

i. روزہ

ii. نماز

iii. زکوٰۃ

iv. حج

2. اجتماعی نماز کا ثواب، انفرادی نماز سے زیادہ ہوتا ہے:

i. دس گنا

ii. بیس گنا

iii. ستائیس گنا

iv. تیس گنا

3۔ زکوٰۃ کی شرح ہے:

i. 4.5٪

ii. 5.4٪

iii. 2.5٪

iv. 3.5٪

4. قرآن مجید کس مہینے میں نازل ہوا؟

i. رجب المرجب

ii. شعبان المعظم

iii. رمضان المبارک

iv. ربیع الاول

5. اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی ہیں:

i. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ii. حضرت آدم علیہ السلام

iii. حضرت عیسیٰ علیہ السلام

iv. حضرت ابراہیم علیہ السلام

6. زکوٰۃ کے لیے سونے کا نصاب ہے:

i. ساڑھے پانچ تولے

ii. دس تولے

iii. ساڑھے سات تولے

iv. پانچ تولے

7. دین کا ستون ہے:

i. نماز

ii. روزہ

iii. زکوٰۃ

iv. حج

8. زکوٰۃ کے لغوی معنی ہیں:

i. خراب کرنا

ii. پاک کرنا

iii. صدقہ کرنا

iv. ضائع کنا

9. زکوٰۃ کے لیے چاندی کا نصاب ہے:

i. ساڑھے باون تولے

ii. پچاس تولے

iii. تیس تولے

iv. سو تولے

10. روزے کو عربی زبان میں کہتے ہیں:

i. **صوم**

ii. صلوۃ

iii. ضبط

iv. صائم

باب سوم: اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

1. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عورتوں پر رحمت وشفقت کے بارے میں نوٹ لکھیں۔
2. حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یتیموں پر رحمت وشفقت کے بارے میں نوٹ لکھیں۔
3. قرآن وحدیث کی روشنی میں اخوت کی اہمیت بیان کریں۔
4. زکر کے فوائد بیان کریں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1. مواخات کے کیا معنی ہیں؟
2. رشتہ مواخات کن کے درمیان ہوا؟
3. اخوت کا مفہوم کیا ہے؟
4. زکر کے لغوی معنی کیا ہیں؟
5. زکر کی اقسام بیان کریں۔
6. افضل ترین زکر کونسا ہے؟
7. اسلام سے قبل معاشرے میں عورت کا کیا مقام تھا؟
8. صبر کے لغوی معنی بیان کریں۔
9. طائف کے لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیسا برتاؤ کیا؟
10. آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کے لوگوں کے لیے کیا دعا فرمائی؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ عفو درگذر سے دوستوں اور عزیزوں میں بڑھتی ہے:

i. **محبت**

ii. نفرت

iii. جہالت

iv. دشمنی

2۔ زکر کی افضل ترین شکل ہے:

i. نماز

ii. روزہ

iii. حج

iv. پاک بات

3۔ اسلام میں ذات پات اور قبیلہ (خاندان) کی بجائے بزرگی کا انحصار ہے:

i. نیکی پر

ii. عبادت پر

iii. دولت پر

iv. تقویٰ پر

4۔ قرآن مجید میں ہے: " بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

i. ساتھ ہے

ii. آگے ہے

iii. پیچھے ہے

iv. سامنے ہے

5۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم عام مسلمانوں کے ساتھ خندک کھودنے میں شریک رہے:

i. غزوہ احد

ii. غزوہ بدر

iii. غزوہ احزاب

iv. غزوہ تبوک

6۔ زکر کی اقسام ہیں:

i. چار

ii. دو

iii. پانچ

iv. تین

7۔ عرب کے لوگ بھوک اور افلاس کی وجہ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زندہ دفن کر دیتے تھے:

i. لڑکوں کو

ii. لڑکیوں کو

iii. بیوی کو

iv. والدین کو

8۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رحمت بنا کر بھیجا:

i. جہانوں کے لیے

ii. انسانوں کے لئے

iii. ملائکہ کے لیے

iv. آخرت کے لیے

9۔ مسلمانوں کے لیے مساوات کی عملی درسگاہ ہے:

i. سکول

ii. گھر

iii. مسجد

iv. پارک

10۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے کس طرف ہجرت فرمائی؟

i. مدینہ

ii. طائف

iii. جدہ

iv. ریاض

باب چہارم: تعارف قرآن وحدیث

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

1۔ قرآن مجید کی خصوصیات بیان کریں۔

2۔ صحاح ستہ کی کتب اور ان کے مؤلفین کے نام لکھیں۔

3۔ منتخب آیات کا ترجمہ کریں۔

i. انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون۔ (الحجر:9)

ii. لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوہ حسنہ۔ (الاحزاب: 21)

iii. واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا۔ (آل عمران: 103)

iv. ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم۔ (الحجرات: 13)

v. ان الصلواۃ تنھی عن الفحشاء والمنکر۔ (العنکبوت:45)

vi. اناللہ یامر بالعدل والاحسان۔ (النحل:90)

vii. وما اتاکم الرسول فخذوہ وما نھکم عنہ فانتھوا۔ (الحشر:7)

viii. یایھا الذین امنوا کتب علیکم الصیام۔ (البقرہ:183)

4۔ منتخب احادیث کا ترجمہ کریں۔

i. انما الاعمال بالنیات وانما لکل لامری مانوی۔ (متفق علیہ)

ii. انما بعثت لاتمم مکارم حسن الاخلاق۔ (مؤطا امام مالک)

iii. لایومن احدکم حتی یحسب لاخیہ مایحسب لنفسہ۔ (متفق علیہ)

iv. الجنۃ نحست اقدام الامھات۔ (الجامع الکبیر السیوطی)

v. المسلم من سلم المسلون من لسانہ ویدہ (متفق علیہ)

vi. لایرحمہ اللہ من لایرحم الناس (صحیح مسلم)

vii. ماعال من اقتصد (مسند احمد)

viii. کل المسلم علی المسلم حرام دمہ وناہ وعرضہ (مسند احمد)

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1. قرآن مجید کتنی مدت میں نازل ہوا؟

2. تمام آسمانی کتابوں میں کون سی تعلیمات مشترک ہیں؟

3. پہلی وحی میں کس صورت کی کتنی آیات نازل ہوئیں؟

4. نزول وحی کا آغاز کٹ جگہ سے ہوا؟

5. نبوت کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

6 . نزول قرآن کا مکی دور کتنے عرصے پر محیط تھا؟

7. نزول قرآن کا مدنی دور کتنے عرصے پر محیط تھا؟

8. صحاح ستہ میں شامل دو کتب کے نام لکھیں۔

9. قرآن مجید کی موجودہ ترتیب کون سی ہے؟

10. صحاح ستہ سے کیا مراد ہے؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1. قرآن مجید کے کتنے نام آیات قرآنیہ سے ماخوذ ہیں:

i. 65

ii. 75

iii. 95

iv. 55

2. حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حج ادا کیا:

i. 8 ہجری میں

ii. 10 ہجری میں

iii. 12 ہجری میں

iv. 6 ہجری میں

3. قرآن مجید کی منزلیں ہیں:

i. 7

ii. 8

iii. 6

iv. 5

4. قرآن مجید میں ہے "اور جو دے تم کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سو لے لو اور جس سے منع کرے منع ہو جاؤ":

i. رسول

ii. نبی

iii. ولی

iv. پیغمبر

5. احادیث کی چھ صحیح ترین کتابوں کو کہتے ہیں:

i. صحاح ستہ

ii. صحاح اربعہ

iii. اصول اربعہ

iv. صحاح عشرہ

6. امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری مؤلف ہیں:

i. صحیح بخاری کے

ii. صحیح مسلم کے

iii. جامع ترمذی کے

iv. ابن ماجہ کے

7. امام مسلم بن حجاج بن مسلم قشیری مؤلف ہیں:

i. صحیح بخاری کے

ii. صحیح مسلم کے

iii. جامع ترمذی کے

iv. ابن ماجہ کے

8. امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی مؤلف ہیں:

i. صحیح بخاری کے

ii. صحیح مسلم کے

iii. جامع ترمذی کے

iv. ابن ماجہ کے

9. دین کے مکمل ہونے کی آیت کس خطبہ میں نازل ہوئی:

i. خطبہ عیدین

ii. خطبہ جمعہ

iii. خطبہ حجۃ الوداع میں

iv. خطبہ جنگ میں

10. مؤطا تالیف ہے:

i. امام مالک کی

ii. امام ابو حنیفہ کی

iii. امام بخاری کی

iv. امام مسلم کی

ماڈل پیپر اسلامیات (لازمی)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

کل نمبر:50 **وقت :2-1/2 گھنٹے**

حصہ معروضی

کل نمبر10: وقت: 30منٹ

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں-درست جواب پر نشان لگایئے-10x1

نوٹ: ایک سے زیادہ جواب پر نشان لگانے کی صورت میں جواب غلط تصور ہو گا۔

1. اسلامی عقائد میں سب سے پہلا عقیدہ ہے۔
   i. آخرت پر ایمان
   ii. توحید
   iii. رسالت
   iv. آسمانی کتابوں پر ایمان
2. قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے:
   i. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے
   ii. اللہ تعالیٰ نے
   iii. فرشتوں نے
   iv. انسانوں نے
3. حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کتاب نازل ہوئی:
   i. قرآن مجید
   ii. تورات
   iii. زبور
   iv. انجیل
4. قیامت کے دن سب سے پہلے حساب لیا جاتا ہے-
   i. روزہ
   ii. نماز
   iii. زکوۃ
   iv. حج

5. اجتماعی نماز کا ثواب، انفرادی نماز سے زیادہ ہوتا ہے:

i. دس گنا

ii. بیس گنا

iii. ستائیس گنا

iv. تیس گنا

6. ۔زکوٰۃ کی شرح ہے:

i. 4.5٪

ii. 5.4٪

iii. 2.5٪

iv. 3.5٪

7. ۔اسلام میں ذات پات اور قبیلہ (خاندان) کی بجائے بزرگی کا انحصار ہے:

i. نیکی پر

ii. عبادت پر

iii. دولت پر

iv. تقویٰ پر

8. ۔قرآن مجید میں ہے: " بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

i. ساتھ ہے

ii. آگے ہے

iii. پیچھے ہے

iv. سامنے ہے

9. امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری مؤلف ہیں:

i. صحیح بخاری کے

ii. صحیح مسلم کے

iii. جامع ترمذی کے

iv. ابن ماجہ کے

10. امام مسلم بن حجاج بن مسلم قشیری مؤلف ہیں:

i. صحیح بخاری کے

ii. صحیح مسلم کے

iii. جامع ترمذی کے

iv. ابن ماجہ کے

حصہ انشائیہ

وقت: 2 گھنٹے کل نمبر: 40

سوال1: مندرجہ زیل میں سے کوئی سے چھے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں(6x2)

1) عقائد سے کیا مراد ہے؟
2) شرک کی کتنی اقسام ہیں؟نام لکھیں۔
3) انبیاء کرام علیہم السلام کی چار خصوصیات بیان کریں۔
4) نماز کیسے کاموں سے روکتی ہے؟
5) تقویٰ کا مفہوم بیان کریں۔
6) زکوۃ کا نصاب کیا ہے؟
7) مواخات کے کیا معنی ہیں؟
8) رشتہ مواخات کن کے درمیان ہوا؟
9) قرآن مجید کتنی مدت میں نازل ہوا؟
10) تمام آسمانی کتابوں میں کون سی تعلیمات مشترک ہیں؟

سوال2: مندرجہ زیل میں سے کوئی سی چار آیات واحادیث کا ترجمہ لکھیں(4x2)

1) انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون۔ (الحجر: 9)
2) لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوہ حسنہ۔ (الاحزاب: 21)
3) واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا۔ (آل عمران: 103)
4) ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم۔ (الحجرات: 13)
5) انما الاعمال بالنیات وانما لکل لامری مانوی۔ (متفق علیہ)
6) انما بعثت لاتمم مکارم حسن الاخلاق۔ (مؤطا امام مالک)
7) لایومن احدکم حتی یحسب لاخیہ مایحسب لنفسہ۔ (متفق علیہ)
8) الجنۃ تحست اقدام الامھات۔ (الجامع الکبیر السیوطی)

سوال3: مندرجہ زیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تفصیل سے جوابات لکھیں(10x2)

1) رسالت محمدی کی امتیازی خصوصیات بیان کریں۔
2) والدین کے حقوق بیان کریں۔
3) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عورتوں پر رحمت وشفقت کے بارے میں نوٹ لکھیں۔
4) قرآن وحدیث کی روشنی میں اخوت کی اہمیت بیان کریں۔

==========

TARJUMA TUL QURAN - II

(Compulsory)

ترجمۃ القرآن

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت (سال دوم)

مقاصدِ نصاب

ترجمۃ القرآن (ڈی۔ایس۔ای: حصہ دوم) کا مقصد سماعت سے محروم طلبہ کو قرآنِ مجید کی منتخب مختصر سورتوں کا آسان، واضح اور قابلِ فہم ترجمہ اور بنیادی مفہوم سکھانا ہے۔ اس نصاب کے ذریعے طلبہ اللہ تعالیٰ کی قدرت، توحید، آخرت، قیامت، علم کی اہمیت، صبر، شکر گزاری، نیک اعمال، انصاف اور عبادت کے بنیادی اسلامی تصورات کو سمجھ سکیں گے۔ یہ نصاب طلبہ میں اسلامی اخلاق، اچھے کردار، ذمہ داری، دوسروں کے حقوق کی ادائیگی، اور قرآن کی تعلیمات کو روزمرہ زندگی میں اختیار کرنے کا شعور پیدا کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ تمام اسباق کو سماعت سے محروم طلبہ کی تعلیمی ضروریات کے مطابق سادہ اردو، مختصر جملوں اور تدریسی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے تاکہ سیکھنے کا عمل مؤثر، دلچسپ اور عملی بن سکے۔

تعلیمی نتائج

اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلبہ:

- منتخب مختصر سورتیں درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں گے۔
- ہر آیت کا آسان اردو ترجمہ سمجھ سکیں گے۔
- بنیادی قرآنی الفاظ کے معانی یاد کر سکیں گے۔
- قرآنِ مجید کے بنیادی پیغامات کو سمجھ سکیں گے۔
- قیامت، آخرت اور اعمال کی جواب دہی کا بنیادی تصور سمجھ سکیں گے۔
- اسلامی اخلاق، سچائی، دیانت داری، انصاف اور دوسروں کے حقوق کی اہمیت کو اپنی زندگی میں اختیار کرنے کی کوشش کریں گے۔
- قرآن کی تعلیمات کو اپنی روزمرہ زندگی کے عملی رویوں میں شامل کرنے کا شعور حاصل کریں گے۔

امتحانی پرچہ میں نمبروں کی تقسیم

حصہ	سوالات	نمبر
حصہ اول: کثیر الانتخاب سوالات	20	20
حصہ دوم: الفاظ و معانی (کثیر الانتخاب)	20	20
حصہ سوم: سوالات کے مختصر جوابات	5	10
کل نمبر		**50**

نصاب کا خاکہ

باب	عنوان	مرکزی موضوع
باب اول	سورۃ قریش، سورۃ الفیل	اللہ تعالیٰ کی نعمتیں، امن اور حفاظت
باب دوم	سورۃ التکاثر، سورۃ القارعہ	دنیا کی حقیقت، آخرت اور قیامت
باب سوم	سورۃ الزلزال، سورۃ العادیات	اعمال کی جواب دہی اور اللہ تعالیٰ کی نگرانی
باب چہارم	سورۃ العلق (آیات ۱ تا ۵)، سورۃ القدر	علم کی اہمیت اور قرآنِ مجید کا نزول
باب پنجم	سورۃ الشرح، سورۃ التین	صبر، آسانی، انسان کی بہترین تخلیق اور نیک اعمال

ہر باب درج ذیل حصوں پر مشتمل ہو گا

- منتخب سورتیں
- مکمل عربی متن
- ہر آیت کے بعد آسان اردو ترجمہ
- لفظ بہ لفظ معنی
- کثیر الانتخاب سوالات
- الفاظ و معانی کے کثیر الانتخاب سوالات
- مختصر سوالات

باب اول: سورۃ قریش اور سورۃ الفیل

سورۃ قریش

سورۃ قریش مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ

قریش کو مانوس کرنے کے لیے۔

آیت ۲

إِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ

یعنی ان کے سردی اور گرمی کے سفروں کو آسان بنانے کے لیے۔

آیت ۳

فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَذَا الْبَيْتِ

پس انہیں اس گھر (کعبہ) کے رب کی عبادت کرنی چاہیے۔

آیت ۴

الَّذِي أَطْعَمَهُم مِّن جُوعٍ وَآمَنَهُم مِّنْ خَوْفٍ

جس نے انہیں بھوک میں کھانا دیا اور خوف سے امن عطا فرمایا۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
قریش	قریش
رحلة	سفر
الشتاء	سردی
الصیف	گرمی
یعبدوا	عبادت کریں
البیت	گھر (کعبہ)
أطعمھم	انہیں کھانا دیا
جوع	بھوک
آمنھم	امن دیا
خوف	خوف

سورۃ الفیل

سورۃ الفیل مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟

آیت ۲

أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ

کیا اس نے ان کی تدبیر کو ناکام نہیں بنا دیا؟

آیت ۳

وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ

اور ان پر جھنڈ کے جھنڈ پرندے بھیجے۔

آیت ۴

تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ

جو ان پر پکی مٹی کے پتھر پھینکتے تھے۔

آیت ۵

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ

پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں کھائے ہوئے بھوسے کی طرح کر دیا۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
الفیل	ہاتھی
ربک	آپ کا رب
أصحاب	والے
کید	تدبیر
تضلیل	ناکام کرنا
طیرا	پرندے
أبابیل	جھنڈ در جھنڈ
حجارۃ	پتھر
سجیل	پکی مٹی
عصف	بھوسہ

مشق

کثیر الانتخاب سوالات

۱۔ سورۃ قریش میں کس قبیلے کا ذکر ہے؟

الف) بنو ہاشم

ب) قریش✓

ج) انصار

د) مہاجرین

۲۔ قریش کے دو مشہور سفر کون سے تھے؟

الف) بہار اور خزاں

ب) سردی اور گرمی✓

ج) صبح اور شام

د) مشرق اور مغرب

۳۔ سورۃ قریش میں کس کی عبادت کا حکم دیا گیا ہے؟

الف) فرشتوں کی

ب) کعبہ کے رب کی✓

ج) انبیاء کی

د) اولیاء کی

۴۔ اللہ تعالیٰ نے قریش کو کس نعمت سے نوازا؟

الف) صرف مال

ب) صرف اولاد

ج) رزق اور امن✓

د) صرف تجارت

۵۔ سورۃ الفیل میں کس واقعے کا ذکر ہے؟

الف) ہجرت

ب) بدر

ج) اصحابِ فیل✓

د) فتح مکہ

۶۔ اللہ تعالیٰ نے اصحابِ فیل پر کیا بھیجا؟

الف) بارش

ب) ہوا

ج) پرندے✓

د) فرشتے

۷۔ پرندے کیا پھینکتے تھے؟

الف) پانی

ب) پکی مٹی کے پتھر✔

ج) ریت

د) لکڑیاں

۸۔ اللہ تعالیٰ نے اصحابِ فیل کا کیا انجام کیا؟

الف) انہیں کامیاب کیا

ب) انہیں معاف کر دیا

ج) انہیں کھائے ہوئے بھوسے کی طرح کر دیا✔

د) انہیں محفوظ رکھا

۹۔ سورۃ قریش ہمیں کیا سبق دیتی ہے؟

الف) تجارت کرنا

ب) اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا✔

ج) سفر کرنا

د) کھیلنا

۱۰۔ سورۃ الفیل کا مرکزی پیغام کیا ہے؟

الف) دولت جمع کرنا

ب) شہرت حاصل کرنا

ج) اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حفاظت پر ایمان✔

د) سفر کرنا

الفاظ و معانی (کثیر الانتخاب سوالات)

۱۔ قریش کا کیا مطلب ہے؟

الف) شہر

ب) قریش قبیلہ✔

ج) پہاڑ

د) بازار

۲۔ رحلۃ کا کیا مطلب ہے؟

الف) عبادت

ب) سفر✔

ج) نماز

د) دعا

۳۔ الشتاء کا کیا مطلب ہے؟

الف) گرمی

ب) سردی ✓

ج) بارش

د) بہار

۴۔ الصیف کا کیا مطلب ہے؟

الف) خزاں

ب) گرمی ✓

ج) سردی

د) بہار

۵۔ البیت کا کیا مطلب ہے؟

الف) مسجد

ب) گھر (کعبہ) ✓

ج) دروازہ

د) بازار

۶۔ جوع کا کیا مطلب ہے؟

الف) پیاس

ب) بھوک ✓

ج) بیماری

د) خوشی

۷۔ الفیل کا کیا مطلب ہے؟

الف) گھوڑا

ب) ہاتھی ✓

ج) اونٹ

د) شیر

۸۔ أبابیل کا کیا مطلب ہے؟

الف) ایک پرندہ

ب) جھنڈ در جھنڈ ✓

ج) عقاب

د) کبوتر

۹۔ حجارۃ کا کیا مطلب ہے؟

الف) ریت

ب) پتھر ✓

ج) مٹی

د) لکڑی

۱۰۔ عصف کا کیا مطلب ہے؟

الف) درخت

ب) پتے

ج) بھوسہ ✓

د) کھیت

مختصر سوالات

۱۔ سورۃ قریش کا مرکزی پیغام کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر ادا کرنا، صرف اسی کی عبادت کرنا اور اس پر بھروسہ رکھنا۔

۲۔ سورۃ الفیل میں اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر کی حفاظت کیسے فرمائی؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے جھنڈ کے جھنڈ پرندے بھیجے جنہوں نے پکی مٹی کے پتھر پھینکے اور اصحابِ فیل کو ہلاک کر دیا۔

۳۔ سورۃ قریش اور سورۃ الفیل سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے، وہ اپنے بندوں اور اپنے گھر کی حفاظت کرتا ہے، اس لیے ہمیں اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے، اس کی عبادت کرنی چاہیے اور اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

باب دوم: سورۃ التکاثر اور سورۃ القارعہ

سورۃ التکاثر

سورۃ التکاثر مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ

زیادہ مال اور زیادہ چیزیں حاصل کرنے کی خواہش نے تمہیں غافل کر دیا۔

آیت ۲

حَتَّىٰ زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ

یہاں تک کہ تم قبروں تک پہنچ گئے۔

آیت ۳

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ

ہر گز نہیں، عنقریب تم جان لو گے۔

آیت ۴

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ

پھر ہر گز نہیں، عنقریب تم جان لو گے۔

آیت ۵

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ عِلْمَ الْيَقِينِ

ہر گز نہیں، اگر تم یقین کے ساتھ جانتے۔

آیت ۶

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيمَ

تم ضرور جہنم کو دیکھو گے۔

آیت ۷

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِينِ

پھر تم اسے یقین کی آنکھ سے دیکھو گے۔

آیت ۸

ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ

پھر اس دن تم سے نعمتوں کے بارے میں ضرور سوال کیا جائے گا۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
التکاثر	زیادہ حاصل کرنے کی خواہش
اَلھاکم	غافل کر دیا
المقابر	قبریں
تعلمون	تم جان لوگے
الیقین	یقین
الجحیم	جہنم
عین	آنکھ
النعیم	نعمت
تسئلن	ضرور پوچھا جائے گا
یومئذ	اس دن

سورۃ القارعہ

سورۃ القارعہ مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

الْقَارِعَةُ

کھڑ کھڑا دینے والی (قیامت)۔

آیت ۲

مَا الْقَارِعَةُ

وہ کھڑ کھڑا دینے والی کیا ہے؟

آیت ۳

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ

اور آپ کیا جانیں کہ وہ کھڑ کھڑا دینے والی کیا ہے؟

آیت ۴

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ

اس دن لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے۔

آیت ۵

وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنفُوشِ

اور پہاڑ دھنکی ہوئی رنگین اون کی طرح ہو جائیں گے۔

آیت۶

فَأَمَّا مَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ

پس جس کے نیک اعمال کا پلڑا بھاری ہو گا۔

آیت۷

فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ

وہ خوشگوار زندگی میں ہو گا۔

آیت۸

وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ

اور جس کے نیک اعمال کا پلڑا ہلکا ہو گا۔

آیت۹

فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ

تو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہو گا۔

آیت۱۰

وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ

اور آپ کیا جانیں کہ وہ کیا ہے؟

آیت۱۱

نَارٌ حَامِيَةٌ

وہ بہت گرم آگ ہے۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
القارعة	قیامت
الناس	لوگ
الفراش	پروانے
الجبال	پہاڑ
العهن	رنگین اون
موازينه	اعمال کا ترازو
عيشة	زندگی
هاوية	جہنم کا گڑھا
نار	آگ
حامية	بہت گرم

مشق

کثیر الانتخاب سوالات

۱۔ سورۃ التکاثر میں انسان کس چیز میں غافل ہو جاتا ہے؟

الف) عبادت

ب) دنیا کی زیادہ چیزیں حاصل کرنے میں ✓

ج) تعلیم

د) سفر

۲۔ سورۃ التکاثر میں کس چیز کے بارے میں سوال ہونے کا ذکر ہے؟

الف) مال

ب) اولاد

ج) نعمتوں ✓

د) تجارت

۳۔ سورۃ التکاثر میں کتنی آیات ہیں؟

الف) ۶

ب) ۷

ج) ۸ ✓

د) ۹

۴۔ سورۃ القارعہ کا موضوع کیا ہے؟

الف) ہجرت

ب) قیامت ✓

ج) تجارت

د) زکوٰۃ

۵۔ قیامت کے دن لوگ کس کی طرح ہوں گے؟

الف) پرندوں کی طرح

ب) بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ✓

ج) درختوں کی طرح

د) پہاڑوں کی طرح

۶۔ پہاڑ کس چیز کی طرح ہو جائیں گے؟

الف) پتھر

ب) ریت

ج) دھنکی ہوئی اون ✓

د) پانی

۷۔ کامیاب کون ہو گا؟

الف) مالدار

ب) طاقتور

ج) جس کے نیک اعمال زیادہ ہوں گے ✓

د) مشہور شخص

۸۔ "ہاویہ" سے کیا مراد ہے؟

الف) جنت

ب) باغ

ج) جہنم ✓

د) دریا

۹۔ ہمیں دنیا کے ساتھ ساتھ کس کی تیاری کرنی چاہیے؟

الف) تجارت

ب) آخرت ✓

ج) کھیل

د) سفر

۱۰۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے بارے میں کیا کرنا چاہیے؟

الف) انہیں بھول جانا چاہیے۔

ب) ضائع کرنا چاہیے۔

ج) شکر ادا کرنا چاہیے۔ ✓

د) فخر کرنا چاہیے۔

الفاظ و معانی (کثیر الانتخاب سوالات)

۱۔ التکاثر کا کیا مطلب ہے؟

الف) عبادت

ب) زیادہ حاصل کرنے کی خواہش ✓

ج) سفر

د) دعا

۲۔ المقابر کا کیا مطلب ہے؟

الف) مسجد

ب) قبریں ✓

ج) گھر

د) پہاڑ

۳۔ الیقین کا کیا مطلب ہے؟

الف) امید

ب) یقین ✓

ج) صبر

د) دعا

۴۔ الجحیم کا کیا مطلب ہے؟

الف) جنت

ب) جہنم ✓

ج) باغ

د) دریا

۵۔ النعیم کا کیا مطلب ہے؟

الف) دولت

ب) نعمت ✓

ج) علم

د) عبادت

۶۔ القارعۃ کا کیا مطلب ہے؟

الف) بارش

ب) قیامت ✓

ج) سورج

د) چاند

۷۔ الفراش کا کیا مطلب ہے؟

الف) پرندے

ب) پروانے ✓

ج) تتلیاں

د) مکھیاں

۸۔ الجبال کا کیا مطلب ہے؟

الف) درخت

ب) پہاڑ ✓

ج) دریا

د) سمندر

۹۔ موازین کا کیا مطلب ہے؟

الف) کتابیں

ب) اعمال کا ترازو ✓

ج) راستے

د) دروازے

۱۰۔ حامیۃ کا کیا مطلب ہے؟

الف) ٹھنڈی

ب) نرم

ج) بہت گرم ✓

د) روشن

مختصر سوالات

۱۔ سورۃ التکاثر کا مرکزی پیغام کیا ہے؟

جواب: دنیا کی محبت میں غافل نہ ہوں، اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کریں اور آخرت کی تیاری کریں۔

۲۔ سورۃ القارعہ میں قیامت کے دن انسان کے اعمال کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟

جواب: قیامت کے دن ہر انسان کے نیک اور برے اعمال کا وزن کیا جائے گا۔ جس کے نیک اعمال زیادہ ہوں گے وہ کامیاب ہو گا۔

۳۔ سورۃ التکاثر اور سورۃ القارعہ سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

جواب: دنیا عارضی ہے، آخرت ہمیشہ رہنے والی ہے۔ اس لیے ہمیں نیک اعمال کرنے چاہییں، اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے اور قیامت کے دن کی جواب دہی کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

باب سوم: سورۃ الزلزال اور سورۃ العادیات

سورۃ الزلزال

سورۃ الزلزال مع آسان اردو ترجمہ

آیت ۱

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا

جب زمین اپنی پوری شدت سے ہلا دی جائے گی۔

آیت ۲

وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا

اور زمین اپنے اندر کا سارا بوجھ باہر نکال دے گی۔

آیت ۳

وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا

اور انسان کہے گا: اسے کیا ہو گیا ہے؟

آیت ۴

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا

اس دن زمین اپنی ساری خبریں بیان کرے گی۔

آیت ۵

بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا

کیونکہ آپ کے رب نے اسے حکم دیا ہو گا۔

آیت ۶

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ

اس دن لوگ مختلف گروہوں میں نکلیں گے تاکہ انہیں ان کے اعمال دکھائے جائیں۔

آیت ۷

فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ

پھر جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہو گی، وہ اسے دیکھ لے گا۔

آیت ۸

وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ

اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہو گی، وہ بھی اسے دیکھ لے گا۔

لفظ بہ لفظ معنی

عربی لفظ	اردو معنی
زلزلت	ہلا دی گئی
الأرض	زمین
Q2- Use a web browser to search for information about "Artificial Intelligence". Copy the information into MS Word and save the file as AI.docx.

Q3- Create an MS Excel worksheet containing the names and marks of five students. Calculate Total Marks and Average Marks using formulas.

Q4- Create a worksheet containing subject-wise marks and prepare a **Pie Chart** showing contribution of each subject to total marks.

Q5- Join a Zoom meeting (or demonstrate the process). Show the steps for:

- Joining a meeting
- Turning microphone on/off
- Using chat option
- Sharing screen

Q6- Use Google Drive to upload a document and generate a shareable link. Demonstrate the file-sharing process.

Q7- Create a social media page for a small business or educational institute. Add:

- Page Name
- Profile Picture
- Description
- One Sample Post

Q8- Create a worksheet containing the names and marks of 10 students. Sort the data in **ascending order of marks**.

==========

PHYSICAL EDUCATION - II

(Elective)

فزیکل ایجوکیشن (جسمانی تعلیم)
ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت
(سال دوم)

اہداف و مقاصد

1۔ **جسمانی فٹنس میں بہتری:**متاثرہ سماعت طلباء کی جسمانی صحت، لچک، توازن اور قوتِ برداشت کو بہتر بنانا
2۔**سماجی میل جول اور ٹیم ورک کی صلاحیتوں کا فروغ:**طلباء کو گروہی کھیلوں میں شامل کر کے باہمی تعاون، برداشت اور دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی تربیت دینا
3۔**حرکی مہارتوں کی ترقی**: بنیادی جسمانی حرکات جیسے دوڑ، چھلانگ، پھینکنے، پکڑنے اور توازن کے ذریعے موٹر اسکلز میں بہتری لانا۔
4۔**اعتماد اور خود انحصاری کا فروغ:** کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے طلباء کے اعتماد اور خود پر یقین کو بڑھانا۔
5۔**تفریح اور ذہنی دباؤ میں کمی**: جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے طلباء کو خوشی، تفریح اور ذہنی سکون فراہم کرنا۔
6۔ **صحت مند طرزِ زندگی کی ترغیب**: فزیکل ایجوکیشن کے ذریعے طلباء کو صحت مند عادات اپنانے اور متحرک طرزِ زندگی اختیار کرنے کی تربیت دینا۔
7۔ بصری اور جسمانی اشاروں کی سمجھ بوجھ میں بہتری: غیر زبانی ابلاغ جیسے اشاروں، باڈی لینگویج اور بصری ہدایات کو سمجھنے اور استعمال کرنے کی صلاحیت کو بہتر بنانا
8۔ **قواعد و ضوابط کی پاسداری کی تربیت**: کھیلوں کے ذریعے طلباء کو نظم و ضبط، اصولوں کی پابندی، اور کھیل کی اخلاقیات سیکھنے کا موقع دینا۔
9۔ **محفوظ کھیل کے اصول سکھانا**: جسمانی سرگرمیوں میں شرکت کے دوران حفاظتی اقدامات، ابتدائی طبی امداد، اور خطرات سے بچاؤ کے اصولوں سے آگاہی فراہم کرنا۔
10۔ **ہم نصابی سرگرمیوں میں شرکت کی حوصلہ افزائی**:کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے طلباء کو اسکول/کالج کی ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دینا تاکہ ان کی سماجی و تعلیمی نشوونما ہو

امتحانی پرچہ میں سوالات اور نمبروں کی تقسیم

کل نمبر: 100

حصہ تھیوری: 30 نمبر

حصہ پریکٹیکل: 70 نمبر

نوٹ: حصہ تھیوری اور حصہ پریکٹیکل دونوں پاس کرنا لازمی ہیں۔

حصہ تھیوری

سوال نمبر ۱: معروضی سوالات (۱۰ نمبر)

سوال نمبر ۲: خالی جگہ پر کریں (۱۰ نمبر)

سوال نمبر ۳: مختصر سوالات (۱۰ نمبر)

حصہ پریکٹیکل

حصہ (الف): پریکٹیکل کاپی (لازمی) : 20 نمبر

حصہ (ب): سوالات کا عملی مظاہرہ: 50 نمبر

نوٹ: سوالات ماڈل پیپر کی طرز پر ہوں گے۔

فہرست ابواب و سلیبس

باب اوّل

سپورٹس اور سپورٹس مین شپ

i. سپورٹس کی تعریف

ii. سپورٹس کی جسمانی، ذہنی اور سماجی افادیت

iii. سپورٹس مین شپ

iv. کھلاڑی کے اوصاف

v. ٹیم ورک

باب نمبر دوم:۔

تفریح و تفریحی مشاغل

i. تفریح کا تعارف

ii. تفریح کا مقاصد

iii. تفریحی مشاغل کی اقسام

iv. تعلیم جسمانی اور تفریح

v. تفریح کے انسانی زندگی پر اثرات

باب نمبر سوم:۔

منظم کھیلیں (بیڈمنٹن اور کرکٹ)

i. بیڈمنٹن گیم کے قوانین

ii. بیڈمنٹن کورٹ کی پیمائش

iii. بیڈمنٹن سروس کی اقسام

iv. کرکٹ کی مہارتیں

v. کرکٹ کے بنیادی اصول

باب نمبر چہارم:۔

کسرتی کھیلیں۔(ڈسکس تھرو، ٹرپل جمپ، 4 x100m اور 4x400m ریلے ریس)

i. ڈسکس تھرو کے قوانین

ii. ٹرپل جمپ کے قوانین

iii. 4x100m ریلے ریس کی شروعات اور اختتام

iv. 4x400m ریلے ریس کے قواعد وضوابط

v. ٹرپل جمپ کے مراحل

باب نمبر پنجم:۔

تعلیمی جمناسٹک

i. تعلیمی جمناسٹک کا تعارف

ii. جمناسٹک کی سرگرمیاں

iii. وارم اپ

iv. وارم ڈاؤن

باب ششم:۔

ابتدائی طبی امداد۔

i. ابتدائی طبی امداد کا تعارف

ii. ابتدائی طبی امداد کے لیے ضروری سامان

iii. کسرتی ضربیں

iv. RICE تھراپی

v. اخلاقی کا مظاہرہ کرنے کی تلقین کریں

باب اوّل

سپورٹس اور سپورٹس مین شپ

(Sports and Sportsmanship)



1.1) مختصر سوالات۔

س1: سپورٹس کی تعریف کریں۔

ج: ایسی سرگرمی جو اصول و قواعد کے تحت کھیلی جائے جسکا مقصد جسمانی صحت اور تفریح فراہم کرنا ہو سپورٹس کہلاتی ہے۔

س2: کھیلوں کی جسمانی، ذہنی اور سماجی افادیت تحریر کریں۔

ج:1۔ کھیل جسم کو مضبوط بناتے ہیں۔

2۔ کھیلوں سے ذہنی دباؤ اور پریشانی کم ہوتی ہے۔

3۔ کھیل لوگوں کے درمیان اتحاد پیدا کرتے ہیں۔

س3: سپورٹس مین شپ سے کیا مراد ہے؟

ج: سپورٹس مین شپ (Sportsmanship) سے مراد کھیل کے دوران اچھے اخلاق، دیانت داری، برداشت اور اصولوں کی پابندی کا مظاہرہ کرنا ہے۔

س4: اچھے کھلاڑی کے دو اصاف بیان کریں۔

ج: 1۔ اچھا کھلاڑی ہمیشہ اصولوں کی پابندی کرتا ہے۔

2۔ اچھا کھلاڑی ہار اور جیت دونوں صورتوں میں صبر کا مظاہرہ کرتا ہے۔

س5: ٹیم ورک کی اہمیت بیان کریں۔

ج: جب کھلاڑی مل جل کر کھیلتے ہیں تو ان کے درمیان تعاون، اعتماد اور ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے۔ جس سے ٹیم کی مجموعی کارگردگی بہتر ہو جاتی ہے۔

1.2) درج ذیل میں سے درست جواب پر نشان لگائیں۔

1۔ کھیلوں کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

i) جسمانی و ذہنی صحت ii) وقت ضائع کرنا iii) لڑائی کرنا iv) آرام حاصل کرنا

2۔ کھیلوں سے کونسی عادت پیدا ہوتی ہے؟

i) سستی ii) نظم وضبط iii) غصہ iv) بے ترتیبی

3۔ کھیل ذہنی طور پر انسان کو بناتے ہیں۔

i) پُر اعتماد ii) پریشان iii) کمزور iv) بیمار

4۔ کھیل معاشرے میں کیا فروغ دیتے ہیں؟

i) اختلاف ii) نفرت iii) ہم آہنگی iv) جھگڑا

5۔ سپورٹس مین شپ کا ایک اہم حصّہ ہے۔

i) جھوٹ ii) دھوکا iii) نفرت iv) ایمانداری

6۔ اچھا کھلاڑی مخالف ٹیم کے ساتھ کیسا رویہ رکھتا ہے؟

i) نظر انداز کرتا ہے ii) نفرت کرتا ہے iii) لڑتا ہے iv) احترام کرتا ہے

7۔ کھیل میں ہارنے پر کیا کرنا چاہیے؟

i) صبر ii) غصہ iii) لڑائی iv) کھیل چھوڑ دینا

8۔ اچھا ٹیم ورک کھیل کو بناتا ہے۔

i) خراب ii) منظم iii) غیر ضروری iv) غیر موثر

9۔ ٹیم ورک کیوں ضروری ہے؟

i) جھگڑنے کے لیے ii) ناکامی کے لیے iii) کامیابی کے لیے iv) وقت ضائع کرنے کے لیے

10۔ کھلاڑی میں خود اعتمادی کیوں ضروری ہے؟

i) ناکامی کے لیے ii) بہتر کارکردگی کے لیے iii) غصے کے لیے iv) بدتمیزی کے لیے

جوابات:

1۔ایمانداری 2۔ نظم وضبط 3۔ پُراعتماد4۔ ہم آہنگی 5۔ایمانداری 6۔احترام کرتا ہے۔

7۔صبر 8۔منظم 9۔کامیابی کے لیے 10۔بہتر کارگردگی کے لیے

1.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ سپورٹس میں۔۔۔۔۔۔اور مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔

i) غصہ ii) سُستی iii) مشق iv) نیند

2۔ سپورٹس انسان میں۔۔۔۔۔۔پیدا کرتے ہیں۔

i) بے ایمانی ii) اخلاق iii) بدلحاظی iv) تھکن

3۔ سپورٹس مقررہ۔۔۔۔۔۔۔کے تحت کھیلی جاتی ہیں۔

i) اصول ii) کتاب iii) وقت iv) خواب

4۔اچھا کھلاڑی محنت اور۔۔۔۔۔۔سے کام کرتا ہے۔

i) غصہ ii) لاپرواہی iii) نفرت iv) لگن

5۔کھلاڑی میں۔۔۔کا جذبہ ہونا چاہیے۔

i) لڑائی کا ii) غصے کا iii) بے ایمانی کا iv) ٹیم ورک کا

6۔ سپورٹس مین شپ کھیل میں۔۔۔۔۔کو فروغ دیتا ہے۔

i) غیر ذمہ داری کو ii) سُستی کو iii) بھائی چارے کو iv) جھگڑے کو

7۔کھلاڑی کبھی بھی کھیل میں۔۔۔۔۔۔نہیں کرتا۔

i) دھوکہ ii) محنت iii) ایمانداری iv) تعاون

8۔ ٹیم ورک میں کھلاڑیوں کے درمیان۔۔۔۔۔۔ضروری ہے۔

i) دشمنی ii) تعاون iii) نفرت iv) خود غرضی

9۔ ٹیم ورک پر کھلاڑی کو اپنی۔۔۔۔۔ سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔

i) غلطی ii) نیند iii) تفریح iv) ذمہ داری

10۔ کھیل سماجی۔۔۔۔۔۔۔کو بہتر بناتے ہیں۔

i) تعلقات ii) دشمنی iii) بے ترتیبی iv) کمزوری

جوابات:

1۔مشق 2۔اخلاق 3۔اصول 4۔لگن 5۔ٹیم ورک

6۔بھائی چارے کو 7۔دھوکہ 8۔تعاون 9۔ذمہ داری 10۔تعلقات

1.4) سرگرمیاں:

1۔ طلبہ کو دو ٹیموں میں تقسیم کیا جائے اور ایک مختصر رکھیل آرسہ کشی کا مقابلہ کروایا جائے۔

2۔طلبہ میں دوڑ کے مقابلے کروائیں اور جیتنے اور ہارنے دونوں صورتوں میں اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرنے کی تلقین کریں۔





باب دوم

تفریح اور تفریحی مشاغل

(Recreation and Recreational Activities)



2.1) مختصر سوالات

س1: تفریح کی تعریف کریں۔

ج: تفریح وہ عمل ہے جس میں انسان فارغ وقت کو خوشگوار اور فائدہ مند سرگرمیوں میں گزارتا اور خوشی حاصل کرتا ہے۔

س2: تفریح کے دو مقاصد تحریر کریں۔

ج: 1۔ انسان میں نئی توانائی اور تازگی پیدا کرنا۔

2۔ انسان کا ذہنی دباؤ کم کرنا اور سکون دینا۔

س3: تفریحی مشاغل کون کونسے ہیں؟ نام لکھیں۔

ج: 1۔ جسمانی تفریح یعنی کرکٹ یا فٹبال کھیلنا

2۔ ذہنی تفریح یعنی شطرنج کھیلنا یا مطالعہ کرنا

3۔ سماجی تفریح یعنی دوستوں کے ساتھ ملنا جُلنا

س4: تعلیم جسمانی اور تفریح کا تعلق بیان کریں۔

ج: جب کوئی شخص جسمانی سرگرمیوں یعنی کھیل کود یا ورزش کو تفریح کے طور پر انجام دیتا ہے تو وہ خوشی کے ساتھ ذہنی سکون حاصل کرتا ہے

س5: تفریح کے انسانی زندگی پر کونسے اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

ج: 1۔زندگی میں خوش اخلاقی اور مثبت سوچ پیدا کرنا۔

2۔ تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا۔

3۔سماجی تعلقات کو مضبوط بنانا۔

2.2) درج ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

1۔ تفریح کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

i) دولت ii) کھانا iii) امتحان iv) خوشی اور تازگی

2۔ تفریح کا جسمانی صحت پر کیا اثر ہوتا ہے؟

i) خراب کرتی ہے ii) کمزوری کرتی ہے iii) بہتر بناتی ہے iv) کوئی اثر نہیں ہوتا

3۔ درج ذیل میں سے تفریحی سرگرمی ہے۔

i) سونا ii) کرکٹ کھیلنا iii) پڑھائی کرنا iv) کام کرنا

4۔ تفریحی سرگرمیاں پروان چڑھاتی ہیں۔

i) تھکن کو ii) بیماری کو iii) تعاون کو iv) پریشانی کو

5۔ تفریح انسان کو نجات دلاتی ہے۔

i) تھکن ii) خوشی iii) طاقت iv) کھیل

6۔ تفریحی سرگرمیاں جسمانی تعلیم میں کردار ادا کرتی ہیں۔

i) بوریت کا ii) دلچسپی اور خوشی کا iii) آرام کا iv) تھکن کا

7۔ تفریح اور جسمانی تعلیم دونوں کا تعلق کس سے ہے؟

i) یاداشت ii) لکھائی iii) جسمانی مہارتیں iv) حساب

8۔جسمانی تفریحی مشغلہ کونسا ہے؟

i) شطرنج ii) دوڑ لگانا iii) مطالعہ کرنا iv) پہیلی حل کرنا

9۔ آؤٹ ڈور تفریحی سرگرمی کونسی ہے؟

i) پکنک پر جانا ii) ٹی-وی دیکھنا iii) کتاب پڑھنا iv) موبائل استعمال کرنا

10۔اِن ڈور تفریحی سرگرمی کونسی ہے؟

i) ہائیکنگ ii) کیمپنگ iii) ویڈیو گیم کھیلنا iv) دوڑ لگانا

جوابات:

1۔خوشی اور تازگی 2۔بہتر بناتی ہے۔ 3۔کرکٹ کھیلنا 4۔تعاون کو 5۔تھکن

6۔دلچسپی اور خوش کا 7۔جسمانی مہارتیں 8۔دوڑ لگانا 9۔پکنک پر جانا 10۔ویڈیو گیم کھیلنا

2.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ کھیل کود ایک۔۔۔۔۔ سرگرمی ہے۔

i) تفریحی ii) کاروباری iii) تعلیمی iv) سائنسی

2۔ تفریح انسان کو۔۔۔۔۔ زندگی فراہم کرتی ہے۔

i) بور ii) صحت مند iii) بیمار iv) سُست

3۔ تفریح سے۔۔۔۔۔ پیدا ہوتی ہے۔

i) توانائی ii) ذہنی دباؤ iii) بیماری iv) کمزوری

4۔ ہائیکنگ ایک۔۔۔۔۔ سرگرمی ہے۔

i) انڈور ii) آؤٹ ڈور iii) تعلیمی iv) ذہنی

5۔ تفریحی مشاغل وقت کے۔۔۔۔۔ استعمال میں مدد دیتے ہیں۔

i) غلط ii) خراب iii) غیر ضروری iv) بہتر

6۔ موسیقی ایک۔۔۔۔ تفریح ہے۔

i) ذہنی ii) جسمانی iii) ثقافتی iv) تہذیبی

7۔ دوستوں کے ساتھ کھیلنا ایک۔۔۔۔۔۔ سرگرمی ہے۔

i) سماجی ii) سائنسی iii) جسمانی iv) تعلیمی

8۔ جسمانی سرگرمیوں سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں بہتری آتی ہے۔

i) غصہ ii) فٹنس iii) تھکن iv) بیماری

9۔ جسمانی تعلیم اور تفریح۔۔۔۔۔ صلاحیتیں بڑھاتے ہیں۔

i) مالی ii) سیاسی iii) تجارتی iv) تخلیقی

10۔ کتاب پڑھنا۔۔۔۔ سرگرمی ہے۔

i) سماجی ii) اخلاقی iii) ذہنی iv) مالی

جوابات:

1۔ تفریحی 2۔ صحت مند 3۔ توانائی 4۔ آؤٹ ڈور 5۔ بہتر 6۔ ثقافتی
7۔ سماجی 8۔ فٹنس 9۔ تخلیقی 10۔ ذہنی

2.4) سرگرمیاں

1۔ کلاس میں شطرنج یا لڈو جیسے ذہنی کھیل کھیلیں۔



2۔ تصاویر کی مدد سے انڈور اور آؤٹ ڈور تفریحی سرگرمیوں میں فرق واضح کریں۔



3۔ طلبہ کے لیے ایک منظم پکنک کا انتظام کریں اور جسمانی تفریحی سرگرمیوں کا عملی مشاہدہ کروائیں۔

باب سوم
منظم کھیلیں
(Badminton and Cricket)





3.1) مختصر سوالات۔

س1: بیڈمنٹن گیم کے دو قوانین تحریر کریں۔

ج: 1۔ سرو ہمیشہ ترچھی (Diagonal) کورٹ میں کی جائے۔

2۔ شٹل کو ایک بار ہی ہٹ کیا جا سکتا ہے۔

س2: بیڈمنٹن کورٹ کی پیمائش لکھیں۔

ج: لمبائی: 13.40m

چوڑائی: سنگلز کے لیے 5.18m ڈبلز کے لیے 6.10m

س3: بیڈمنٹن سروس کی اقسام کے نام لکھیں۔

ج: 1۔ شارٹ سرو جو نیٹ کے پاس گرتی ہے۔

2۔ لانگ سرو جو کورٹ کے آخری حصّے تک جاتی ہے۔

س4: کرکٹ کی کوئی سی دو مہارتوں کے نام لکھیں۔

ج: 1۔ بیٹنگ کرنا 2۔ بولنگ کرنا

س5: کرکٹ کے دو بنیادی اصول تحریر کریں۔

ج: 1۔ میچ کا آغاز ٹاس سے ہوتا ہے۔

2۔ ہر ٹیم میں 11 کھلاڑی ہوتے ہیں۔ ایک ٹیم بیٹنگ اور دوسری بولنگ کرتی ہے۔

3.2) مندرجہ ذیل میں سے درست جواب پر نشان لگائیں۔

1۔بیڈمنٹن میں ایک گیم کتنے پوائنٹس پر مشتمل ہوتی ہے؟

i) 15 ii) 2 iii) 25 iv) 30

2۔شٹل کورٹ سے باہر گر جائے تو کیا ہو گا؟

i) پوائنٹ ii) فاؤل iii) سرو iv) کھیل جاری رہے گا

3۔بیڈمنٹن میں کتنے سیٹس پر مشتمل ہوتا ہے؟

i) 1 ii) 2 iii) 3 iv) 5

4۔بیڈمنٹن نیٹ کی اونچائی درمیان میں کتنی ہوتی ہے؟

i) 1.42m ii) 1.52m iii) 1.62m iv) 1.72m

5۔بیڈمنٹن کورٹ کی شکل کیسی ہوتی ہے؟

i) مربع ii) دائرہ iii) مثلث iv) مستطیل

6۔کرکٹ میں ایک اوور میں کتنی گیندیں ہوتی ہیں؟

i) 4 ii) 5 iii) 6 iv) 7

7۔بیٹسمین کیسے آؤٹ ہو سکتا ہے؟

i) کیچ ii) بولڈ iii) رن آؤٹ iv) سب درست

8۔اگر گیند باؤنڈری کے باہر چلی جائے تو کتنے رنز ملتے ہیں؟

i) 2 ii) 3 iii) 4 iv) 6

9۔کرکٹ میں امپائر کا کیا کام ہوتا ہے؟

i) رنز بنانا ii) فیصلے کرنا iii) بولنگ کرنا iv) فیلڈنگ کرنا

10۔ LBW کا مطلب کیا ہے؟

i) لیگ بیٹ وکٹ ii) لائیو بال وکٹ iii) لیفٹ بیٹ وکٹ iv) لیگ بائی وکٹ

جوابات:

1۔21 2۔فاؤل 3۔3 4۔1.52m 5۔مستطیل

6۔6 7۔سب درست 8۔6 9۔فیصلے کرنا 10۔لیگ بیٹ وکٹ

3.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔بیڈمنٹن میں اگر شٹل نیٹ کو چھو لے تو اُسے۔۔۔۔۔کہا جاتا ہے۔

i) پوائنٹ ii) فاؤل iii) سرو iv) کھیل

2۔سنگلز میں ہر طرف۔۔۔۔۔۔۔۔کھلاڑی ہوتا ہے۔

i) 1 ii) 2 iii) 3 iv) 4

3۔ڈبلز میں ہر ٹیم میں۔۔۔۔۔۔۔۔کھلاڑی ہوتے ہیں۔

i) 2 ii) 4 iii) 6 iv) 8

4۔بیڈمنٹن میں تیز اور سیدھا سرو۔۔۔۔سرو کہلاتا ہے۔

i) فلر ii) لانگ iii) لو iv) ڈرائیو

5۔۔۔۔۔۔۔۔سرو زیادہ تر سنگلز میں استعمال ہوتا ہے۔

i) ہائی ii) لو iii) لانگ iv) شارٹ

6۔بیٹنگ کی مہارت میں کھلاڑی۔۔۔۔۔۔کھیلتا ہے۔

i) اوور ii) رنز iii) شاٹس iv) گیند

7۔فیلڈنگ میں کھلاڑی۔۔۔۔۔۔پکڑتا ہے۔

i) بیٹ ii) گیند iii) وکٹ iv) دستانے

8۔وکٹ کیپنگ کی مہارت وکٹ کے۔۔۔۔انجام دی جاتی ہے۔

i) پیچھے ii) سامنے iii) سائیڈ iv) اوپر

9۔کرکٹ میں جیت اس ٹیم کی ہوتی ہے جو زیادہ۔۔۔۔۔بنائے۔

i) وکٹیں ii) کیچ iii) رنز iv) اوور

10۔بیٹسمین دوڑتے ہوئے آؤٹ ہو جائے تو اس۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

i) بوئڈ ii) LBW iii) کیچ iv) رن آؤٹ

جوابات:

1۔فاؤل 2۔1 3۔2 4۔ڈرائیو 5۔ہائی 6۔شاٹس

7۔گیند 8۔پیچھے 9۔رنز 10۔رن آؤٹ

3.4) سرگرمیاں(بیڈمنٹن)

1۔طلبہ جوڑوں میں کھڑے ہو کر سروس کی مشق کریں۔

ہر طالب علم 10-10 بار لانگ اور شارٹ سروس کرے۔

2۔دو طلبہ کے درمیان سنگل میچ کروایا جائے۔

سکورنگ اور قوانین پر عمل کروایا جائے۔



3.5) سرگرمیاں (کرکٹ)

1۔ طلبہ کو بیٹ کے ساتھ صحیح اسٹانس اور شاٹس کی مشق کروائی جائے۔

طلبہ کو فاسٹ اور سلو بولنگ دونوں کی پریکٹس کروائی جائے۔

2۔ طلبہ کو فیلڈنگ ایکسرسائز کروائی جائے۔

کیچ پکڑنے اور خاص سمت میں گیند تھرو کرنے کی مشق کروائی جائے۔



باب چہارم

کسرتی کھیلیں(ڈسکس تھرو،ٹرپل جمپ،4x100mاور 4x400mریلی ریس)۔

(Disucs throw, Triple jump, 4x100m and 4x400m Relay race)



4.1) مختصر سوالات:

س1: ڈسکس تھرو کے دو قوانین تحریر کریں۔

ج:1۔کھلاڑی گول دائرے کے اندر کھڑا ہو کر تھرو کرتا ہے۔

2۔ڈسکس کو ایک ہاتھ سے پھینکا جاتا ہے۔

س2۔ٹرپل جمپ کے دو فاؤلز لکھیں۔

ج۔1۔اگر کھلاڑی دوڑ کے دوران رُک جائے

2۔اگر کھلاڑی ٹیک آف بورڈ کی لائن کو پاؤں سے کراس کرے۔

س3۔ٹرپل جمپ کے مراحل کونسے ہیں؟نام لکھیں۔

ج۔1۔ HOP Step۔2 Jump۔3

س4۔ 4x400m ریلے ریس کے دو قواعد وضوابط تحریر کریں۔

ج۔1۔ہر کھلاڑی400میٹر کا فاصلہ طے کرے گا۔

2۔ہر کھلاڑی400میٹر دوڑنے کے بعد بیٹن کھلاڑی کو دے گا۔

س5۔ 4x100m ریلے ریس کے دو قواعد وضوابط تحریر کریں۔

ج:1۔پہلا کھلاڑی اسٹارٹنگ بلاکس استعمال کرتے ہوئے کراؤچ سٹارٹ لیتا ہے۔

2۔ریس اس وقت ختم ہوتی ہے جب چوتھا کھلاڑی بیٹن کے ساتھ فنش لائن کراس کرلے۔

4.2) درج ذیل میں سے درست جواب پر نشان لگائیں۔

1۔ڈسکس تھرو کے دائرے کا قطر کتنا ہوتا ہے؟

i) 1 میٹر ii) 2 میٹر iii) 2.5 میٹر iv) 3 میٹر

2۔مردوں کے لیے ڈسکس کا وزن کتنا ہوتا ہے؟

i) 0.5kg ii) 1kg iii) 1.5kg iv) 2kg

3۔ڈسکس کہاں گرنا چاہیے؟

i) دائرے میں ii) سیکٹر میں iii) رن وے پر iv) کہیں بھی

4۔ٹرپل جمپ میں لینڈنگ کہاں ہوتی ہے؟

i) گھاس پر ii) سٹرک پر iii) دائرے میں iv) سینڈپٹ پر

5۔ٹرپل جمپ میں کھلاڑی ترتیب غلط کرلے تو کیا ہوگا؟

i) پوائنٹ ii) فاؤل iii) جیت iv) ہار

6۔ٹرپل جمپ میں رن اپ کا مقصد کیا ہے؟

i) آرام کرنا ii) رفتار iii) رُکنا iv) بیٹھنا

7۔ 4x100 میٹر ریلے ریس میں کُل کتنے کھلاڑی ہوتے ہیں؟

i) 2 ii) 3 iii) 4 iv) 5

8۔ریلے ریس میں بیٹن کیا ہوتا ہے؟

i) دھات کی چھڑی ii) گیند iii) دستانہ iv) جوتا

9۔بیٹن کہاں تبدیل کیا جاتا ہے؟

i) ایکسچینج زون میں ii) رن وے پر iii) فنش لائن پر iv) شروع میں

10۔4x400 میٹر ریلے ریس میں آغاز کون کرتا ہے؟

i) چوتھا کھلاڑی ii) تیسرا کھلاڑی iii) دوسرا کھلاڑی iv) پہلا کھلاڑی

جوابات:

1۔ 2.5 میٹر 2۔2kg 3۔سیکٹر میں 4۔سینڈپٹ پر 5۔فاؤل

6۔رفتار 7۔4 8۔دھات کی چھڑی 9۔ایکسچینج زون میں 10۔پہلا کھلاڑی

4.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔خواتین کے لیے ڈسکس کا وزن۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

i) 1 کلوگرام ii) 2 کلوگرام iii) 3 کلوگرام iv) 4 کلوگرام

2۔ڈسکس کو۔۔۔۔۔۔ سے پھینکا جاتا ہے۔

i) دو ہاتھوں سے ii) ایک ہاتھ سے iii) پاؤں iv) سر سے

3۔ڈسکس تھرو میں۔۔۔۔۔۔ کوششیں دی جاتی ہیں۔

i) 2 ii) 3،6 iii) 10 iv) 5

4۔ٹرپل جمپ میں آخری مرحلہ۔۔۔۔۔۔ہوتا ہے۔

i) Jump ii) Run iii) Step iv) HOP

5۔ٹرپل جمپ میں HOP کے بعد کھلاڑی۔۔۔پاؤں پر ہینڈ کرتا ہے۔

i) اُسی پاؤں پر ii) دوسرے پاؤں پر iii) رُک جاتا ہے iv) کوئی بھی نہیں

6۔ریلے ریس میں ایکسچینج زون کی لمبائی۔۔۔۔۔ہوتی ہے۔

i) 10m ii) 20m iii) 30m iv) 40m

7۔4x100 میٹر ریلے ریس میں لین تبدیل کرنا۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

i) ضروری ii) مناسب iii) منع iv) جائز

8۔اگر کھلاڑی دوسرے کی راہ میں رکاوٹ ڈالے تو۔۔۔۔۔۔

i) ٹیم نااہل ہو جائے گی ii) انعام ملے گا iii) دوبارہ ریس ہو گی iv) کوئی اثر نہیں ہو گا

9۔ریلے ریس۔۔۔ کھیل کا حصہ ہے۔

i) کرکٹ ii) فٹبال iii) ایتھلیٹکس iv) ہاکی

10۔4x400 میٹر ریلے ریس میں کُل فاصلہ۔۔۔۔ہوتا ہے۔

i) 800m ii) 1200m iii) 1400m iv) 1600m

جوابات:

1۔1 کلوگرام 2۔ایک ہاتھ سے 3۔3،6 4۔Jump 5۔اُسی پاؤں پر

6۔720m 7۔منع 8۔ٹیم نااہل ہو جائے گی 9۔ایتھلیٹکس 10۔1600m

4.4) سرگرمیاں (ڈسکس تھرو اور ٹرپل جمپ)

1۔طلبہ کو صحیح طریقے سے ڈسکس پکڑنا سکھائیں۔انگلیوں کی گرپ پر خاص توجہ دیں۔

طلبہ کی رفتار اور ہم آہنگی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مکمل روٹیشن کے ساتھ تھرو کرنے کی مشق کروائیں۔

2۔ٹرپل جمپ میں طلبہ کو رن اپ کی مشق کروائیں۔رفتار کنٹرول کرنے پر توجہ دلوائیں۔

باری باری HOP, STEP اور JUMP کی مشق کروائیں۔

تینوں مراحل کو ملا کر سینڈپٹ پر چھلانگ لگانے کی مشق کروائیں۔





4.5) سرگرمیاں(4x100اور4x400 میٹر ریلے ریس)

1۔ طلبہ کو شارٹ سپرنٹ ڈرلز کروائیں۔

طلبہ کو بیٹن کے تبادلے کا طریقہ سیکھائیں۔

طلبہ کو بیٹن صحیح طریقے سے پکڑنا سکھائیں۔

4-4 طلبہ کی ٹیم بنا کر 4x100 میٹر ریلے ریس کا عملی مظاہرہ کروائیں۔

2۔4x400 میٹر ریلے ریس میں طلبہ کو لین میں دوڑنے کی مشق کروائیں۔

دوسرے کھلاڑی کے بعد اندرونی لین میں آنے کی مشق کروائیں۔

پوری ٹیم کے ساتھ 4x400 میٹر کی مکمل ریس کروائیں۔

بیٹن ٹرانسفر اور رفتار دونوں پر توجہ دیں۔



باب پنجم
تعلیمی جمناسٹک
(Educational Gymnastics)



5.1) مختصر سوالات:

س1: تعلیمی جمناسٹک کا تعارف مختصر بیان کریں۔

ج۔ تعلیمی جمناسٹک سے مراد وہ سرگرمیاں ہیں جن سے طلبہ کی جسمانی نشوونما، لچک، طاقت تواذن اور ہم آہنگی بہتر ہو سکے۔

س2۔ جمناسٹک کی سرگرمیاں کون کونسی ہیں؟ کوئی سی چار سرگرمیوں کے نام لکھیں۔

ج:1۔ سیدھی قلابازی

2۔ کارٹ ویل

3۔ ہیڈ سٹینڈنگ

4۔ محراب (Bridge)بنانا

س3: وارم اپ کی تین ورزشوں کے نام لکھیں۔

ج: 1۔ ہلکی دوڑ 2۔ جمپنگ جیکس 3۔ کندھوں کی گردش

س4: وارم ڈاؤن کی تین ورزشوں کے نام لکھیں۔

ج: 1۔ گہری سانس کی مشق

2۔ ٹانگوں کی اسٹریچنگ

3۔ کمر کی اسٹریچنگ

5.2) درج ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

1۔ جمناسٹک میں کس چیز کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے؟

i) توازن ii) شور iii) نیند iv) لکھائی

2۔ جمناسٹک میں ہیڈ اسٹینڈ کیا ہے؟

i) ہاتھوں پر کھڑے ہونا ii) سر کے بل کھڑے ہونا iii) بیٹھنا iv) دوڑنا

3۔ تعلیمی جمناسٹک کا مقصد کیا ہے؟

i) تفریح ii) سونا iii) جسمانی و ذہنی ترقی iv) کھانا

4۔ وارم اپ کی ورزشیں کب کی جاتی ہیں؟

i) کھیل کے بعد ii) کھیل سے پہلے iii) سونے سے پہلے iv) کھانے کے بعد

5۔ وارم ڈاؤن کی ورزشوں کا مقصد کیا ہے؟

i) جسم کو آرام دینا ii) جسم کو گرم کرنا iii) دوڑنا iv) کھیلنا

جوابات:

1۔ توازن 2۔ سر کے بل کھڑے ہونا 3۔ جسمانی و ذہنی ترقی
4۔ کھیل سے پہلے 5۔ جسم کو آرام دینا

5.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ وارم اپ کرنا جسم کو۔۔۔۔ سے بچاتا ہے۔

i) بھوک ii) چوٹ iii) نیند iv) تھکن

2۔ وارم ڈاؤن کرنا۔۔۔۔ کو نارمل کرتا ہے۔

i) آنکھیں ii) آواز iii) دل کی دھڑکن iv) بھوک

3۔۔۔۔۔ جمناسٹک کی ایک سرگرمی ہے۔

i) بھوک ii) کھانا iii) قلابازی iv) کمزوری

4۔ تعلیم جسمانی کا ایک اہم حصہ۔۔۔۔۔ ہے۔

i) جمناسٹک ii) مشق iii) تعلیم iv) پڑھائی

5۔ کارٹ ویل کو۔۔۔ بھی کہا جاتا ہے۔

i) چھلانگ ii) دوڑ iii) بیٹھنا iv) پہیوں والی حرکت

جوابات:

1۔ چوٹ 2۔ دل کی دھڑکن 3۔ قلابازی 4۔ جمناسٹک 5۔ پہیوں والی حرکت

5.4) سرگرمیاں

1۔ طلبہ کو قطار یا دائرے میں کھڑا کر کے وارم اپ اور وارم ڈاؤن ایکسر سائز کروائیں۔

2۔ طلبہ کو توازن کی مشقیں کروائیں۔ مثلاً ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا یا سیدھی لائن پر چلنا وغیرہ۔

3۔ طلبہ کو سیدھی قلابازی لگانا اور جسم کو محراب بنانا سکھائیں۔



باب ششم

ابتدائی طبی امداد

(First AID)



6.1) مختصر سوالات:

س1: ابتدائی طبی امداد سے کیا مراد ہے؟

ج: کسی مریض کو حادثے کی جگہ سے ہسپتال پہنچانے سے پہلے اسکی زندگی بچانے کے لیے جانے والے اقدامات کو ابتدائی طبی امداد کہتے ہیں۔

س2: فرسٹ ایڈ کے لیے استعمال ہونے والے سامان میں سے کسی چار کے نام لکھیں۔

ج:1۔صاف ستھری پٹیاں 2۔تھرمامیٹر 3۔صاف کاٹن 4۔ٹورنی کٹ

س3: کسرتی ضربیں کون کونسی ہیں؟ کسی چار کے نام لکھیں۔

1۔موچ(Sprain)

2۔عضلاتی تناؤ (Muscle cramp)

3۔عضلاتی کھچاؤ (Pulled Muscle)

4۔عضلات کا دُکھنا (Muscle Sorness)

س4: RICE سے کیا مراد ہے؟

R (Rest) آرام

I (Ice) برف کی ٹکور

C (Compression) دباؤ

E(Elevation) بلند کرنا

6.2) درج ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

1۔ کھیل کود کے دوران آنے والی چوٹوں کو کہتے ہیں۔

i) حادثاتی ضربیں ii) کسرتی ضربیں iii) کاری ضربیں iv) بھاری ضربیں

2۔ اگر زخم سے خون نکلنا بند نہ ہو تو قریبی پریشر پوائنٹ پر۔

i) ٹکور کی جائے ii) مرہم لگایا جائے iii) ٹورنی کٹ باندھی جائے iv) پٹی کی جائے

3۔ جوڑ کے اچانک مڑ جانے کو کیا کہتے ہیں؟

i) عضلاتی کھچاؤ ii) عضلاتی تناؤ iii) پٹھوں کی کمزوری iv) سوج

4۔ کسرتی ضربوں کا ابتدائی طریقہ نگہداشت کیا ہے؟

i) RIPS ii) RICK iii) RICE iv) RID

5۔ جسم کی حرارت چیک کرنے کے لیے کونسا آلہ استعمال ہوتا ہے؟

i) تھرمامیٹر ii) ایمیٹر iii) ونڈ میٹر iv) سٹیتھوسکوپ

جوابات:

1۔ کسرتی ضربیں 2۔ ٹورنی کٹ باندھی جائے 3۔ موچ 4۔ rice 5۔ تھرمامیٹر

6.3) خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ ابتدائی طبی امداد کا مقصد مریض کی۔۔۔۔۔۔ کو بچانا ہے۔

i) جان ii) تعلیم iii) عادت iv) دولت

2۔ سانس رُکنے کی صورت میں۔۔۔۔۔ دیا جاتا ہے۔

i) دوا ii) CPR iii) خوراک iv) ورزش

3۔ بے ہوش مریض کو۔۔۔۔ پوزیشن میں لٹانا چاہیے۔

i) سیدھی ii) اُلٹی iii) کروٹ iv) کھڑی

4۔ زخم کو صاف کرنے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ استعمال کیا جاتا ہے۔

i) مٹی ii) تیل iii) نمک iv) صاف پانی

5۔ کسی حادثے کی صورت میں سب سے پہلے۔۔۔۔۔ کو بُلانا چاہیے۔

i) ایمرجنسی سروس1122 ii) ہمسایہ iii) دوست iv) اُستاد

جوابات:

1۔ جان 2۔ CPR 3۔ کروٹ 4۔ صاف پانی 5۔ ایمرجنسی سروس (1122)

6.4) سرگرمیاں

1۔ طلبہ ایک دوسرے کے ہاتھ یا بازو پر صحیح طریقے سے پٹی باندھنے کی مشق کریں۔

2۔ طلبہ (Dummy) یا فرضی طریقے سے CPR (دل اور سانس کی بحالی) کا عمل سیکھیں۔

3۔ طلبہ ایک مکمل فرسٹ ایڈ باکس تیار کریں اور اس میں موجود اشیاء کی نشاندہی کریں۔



ماڈل پیپر

فزیکل ایجوکیشن

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت (سال دوم)

(تھیوری)

کل نمبر: 30 وقت: 1 گھنٹہ

حصّہ اوّل: معروضی سوالات (20 نمبر)

سوال نمبر 1۔ درست جواب پر نشان لگائیں۔ (10)

۔ کھیل معاشرے میں کیا فروغ دیتے ہیں؟

i) اختلاف ii) نفرت iii) ہم آہنگی iv) جھگڑا

2۔ سپورٹس مین شپ کا اہم حصّہ ہے۔

i) جھوٹ ii) دھوکا iii) نفرت iv) ایمانداری

3۔ تفریح کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

i) دولت ii) کھانا iii) امتحان iv) خوشی اور تازگی

4۔ جسمانی تفریحی مشغلہ کونسا ہے؟

i) شطرنج ii) دوڑ لگانا iii) مطالعہ کرنا iv) پہیلی حل کرنا

5۔ بیڈمنٹن میچ کتنے سیٹس پر مشتمل ہوتا ہے؟

i) 2 ii) 3 iii) 4 iv) 5

6۔ کرکٹ میں ایک اوور میں کتنی گیندیں ہوتی ہیں؟

i) 6 ii) 7 iii) 8 iv) 9

7۔ ٹرپل جمپ میں زن اپ کا مقصد کیا ہے؟

i) رفتار ii) آرام کرنا iii) رُکنا iv) بیٹھنا

8۔ ریلے ریس میں بیٹن کیا ہوتا ہے؟

i) دھات کی چھڑی ii) گیند iii) دستانہ iv) جوتا

9۔ تعلیمی جمناسٹک مقصد کیا ہے؟

i) تفریح ii) سونا iii) جسمانی و ذہنی ترقی iv) کھانا

10۔ جوڑ کے اچانک مڑ جانے کو کیا کہتے ہیں؟

i) عضلاتی کھچاؤ ii) عضلاتی تناؤ iii) کمزوری iv) موچ

سوالنمبر2: خالی جگہ پُر کریں۔(10)

1۔ سانس رکنے کی صورت میں۔۔۔۔ دیا جاتا ہے۔

2۔ وارم اپ کرنا جسم کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے بچاتا ہے۔

3۔ کارٹ ویل کو۔۔۔۔۔۔ بھی کہا جاتا ہے۔

4۔ ریلے ریس میں ایکسچینج زون کی لمبائی۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔

5۔ خواتین کے لیے ڈسکس کا وزن۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

6۔ بیٹنگ کی مہارت میں کھلاڑی۔۔۔۔۔۔۔ کھیلتا ہے۔

7۔ بیڈمنٹن میں تیز اور سیدھی سرو۔۔۔۔۔۔۔ سرو کہلاتی ہے۔

8۔ تفریح انسان کو۔۔۔۔۔ فراہم کرتی ہے۔

9۔ کتاب پڑھنا۔۔۔۔۔۔ سرگرمی ہے۔

10۔ سپورٹس مین شپ کھیل میں۔۔۔۔۔۔ کو فروغ دیتا ہے۔

حصّہ دوم: انشائی **حصّہ دوم: انشائیہ طرز(10 نمبر)**

سوالنمبر3: مندرجہ ذیل مختصر سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوال حل کریں۔(2x5=10)

1۔ سپورٹس کی تعریف کریں۔

2۔ ٹیم ورک کی اہمیت بیان کریں۔

3۔ تفریح کے دو مقاصد تحریر کریں۔

4۔ بیڈمنٹن کورٹ کی پیمائش لکھیں۔

5۔ ٹرپل جمپ کے مراحل کونسے ہیں؟ نام لکھیں۔

6۔ وارم اپ کی تین ورزشوں کے نام لکھیں۔

7۔ تعلیمی جمناسٹک کا تعارف مختصر بیان کریں۔

8۔ ابتدائی طبی امداد سے کیا مراد ہے؟

ماڈل پیپر

فزیکل ایجوکیشن

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن برائے متاثرہ سماعت (سال دوم)

(پریکٹیکل)

کل نمبر: 70 وقت:
3 گھنٹے

حصّہ اوّل: پریکٹیکل کاپی (20 نمبر)

مکمل چیک پریکٹیکل کاپی: 20 نمبر

حصّہ دوم: مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کا عملی مظاہرہ کرکے دکھائیں۔ (5x10= 50)

۔بیڈمنٹن میں شارٹ اور لانگ سرو کا عملی مظاہرہ کریں۔

یا

ایک شارٹ سپرنٹ لگا کر دکھائیں۔

2۔ریلے ریس میں بیٹن ٹرانسفر کرنے کا عملی مظاہرہ کریں۔

یا

کارٹ ویل کرکے دکھائیں۔

3۔ٹرپل جمپ کے تینوں مراحل کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے چھلانگ لگائیں۔

یا

توازن برقرار رکھنے والی ورزشیں کرکے دکھائیں۔

4۔کرکٹ میں بیٹ کے ساتھ صحیح اسٹانس میں کھڑے ہوئے ہوئے ایک شاٹ کھیلیں۔

یا

فاسٹ اور سلو بولنگ کا عملی مظاہرہ کریں۔

5۔جسم کا صحراب بنائیں۔

یا

وارم ڈاؤن کی تین ورزشیں کرکے دکھائیں۔

6۔سیدھی قلابازی کا عملی مظاہرہ کریں۔

7۔ٹانگوں کی سٹریچنگ کا عملی مظاہرہ کریں۔

8۔کراوچ پوزیشن اور سٹارٹنگ بلاکس کے استعمال کا عملی مظاہرہ کریں۔

==========

FINE ARTS - II

(Elective)

نصاب فائن آرٹ (اختیاری)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن (پارٹ–2)
برائے متاثرہ سماعت طلبہ وطالبات

اہداف ومقاصد:

1۔ متاثرہ سماعت طلباوطالبات کو فنون لطیفہ کی تاریخ اور مختلف جہتوں سے آگاہ کرنا۔

2۔ متاثرہ سماعت طلباوطالبات کی جمالیاتی حس کو بیدار کرنا۔

3۔ متاثرہ سماعت طلباوطالبات کی فنی صلاحیتوں کو نکھارنا۔

4۔ متاثرہ سماعت طلباوطالبات کو اپنے جذبات واحساسات کے اظہار کا موثر زریعہ فراہم کرنا۔

ضروری گزارشات:

1۔ اساتذہ کرام متاثرہ سماعت طلباوطالبات کی اہلیت کو مد نظر رکھتے ہوے مختصر مگر جامع جوابات تحریر کروائیں۔

2۔ ممتحن حضرات پرچہ جات کی ترتیب اور مارکنگ کے دوران متاثرہ سماعت طلباوطالبات کی اہلیت اور یاداشت کو مد نظر رکھیں۔

3۔ پرچہ جات کی ترتیب دیئے گئے نصاب اور ماڈل پیپر کے مطابق ہی کی جائے۔

امتحانی پرچہ میں نمبروں کی تقسیم کا خاکہ

کل نمبر		100
معروضی طرز		10
انشائیہ طرز		20
	مختصر سوالات	2x5
	تفصیلی سوالات	5x2
پریکٹیکل		70
	آرٹ ورک نمائش	10
	عملی امتحان	60

فہرستِ ابواب

1- وادی سندھ کی تہذیب:

- ہڑپہ اور موہنجوڈارو
- غلہ کے میدان
- مہریں
- مجسمہ سازی
- برتن سازی
- زیورات

2-بدھ مذہب کا فن:

- گندھارا آرٹ کے ادوار
- گندھارا فن تعمیر
- گندھارا فن مجسمہ سازی
- اجنتا آرٹ

3- یونانی تہذیب

- یونانی فن تعمیر
- یونانی مجسمہ سازی
- یونانی برتن سازی

4-رومن تہذیب

- رومن فن تعمیر
- رومن مجسمہ سازی
- رومن تصویر کشی

باب اول: وادی سندھ کی تہذیب

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے۔

س1- وادی سندھ سے ملنے والے غلہ کے گوداموں پت نوٹ لکھیں۔

س2- وادی سندھ کی مہروں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

س3- وادی سندھ کی مجسمہ سازی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

س4- وادی سندھ کی برتن سازی ہر نوٹ لکھیں۔

س5- وادی سندھ کی تہذیب کے اہم دو مقامات کے نام لکھیں۔

س6- ٹیرا کوٹا کسے کہتے ہیں؟

س7- موہنجوڈارو اور ہڑپہ کے غلہ کے گوداموں میں کیا فرق ہے؟

س8- ہڑپہ شہر کی امتیازی خصوصیت کیا ہے؟

س9- وادی سندھ سے ملنے والے دو مجسموں کے نام بتائیں۔

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1-وادی سندھ کی تہذیب کے دو اہم مرکز ہیں:

i. موہنجوڈارو اور ہڑپہ

ii. مری اور سوات

iii. کراچی اور حیدرآباد

iv. راولپنڈی اور اسلام آباد

2- ہڑپہ کس صوبہ سے دریافت ہوا ہے؟

i. پنجاب

ii. سندھ

iii. خیبر پختونخوا

iv. بلوچستان

3-موہنجوڈارو کس صوبہ سے دریافت ہوا ہے؟

i. پنجاب

ii. سندھ

iii. خیبر پختونخوا

iv. بلوچستان

4-وادی سندھ کی تہذیب کا اہم حصہ کس صورت میں ملا؟

i. کپڑے

ii. مہریں

iii. سونا

iv. مجسمہ

5-ہڑپہ سے ملنے والے غلہ کے گوداموں کی تعداد ہے:

i. پانچ

ii. سات

iii. دس

iv. بارہ

6- موہنجوڈارو کا شہر کتنے حصوں میں تقسیم تھا؟

i. دو

ii. تین

iii. چار

iv. پانچ

7۔ موہنجوڈارو سے ملنے والے پتھر کے مجسموں کی تعداد ہے۔

i. دس

ii. گیارہ

iii. بارہ

iv. تیرہ

8۔ موہنجوڈارو سے ملنے والے مجسمے ہیں۔

i. Realistic

ii. Stylized

iii. Rough

iv. Colourful

9۔ رقاصہ کا مجسمہ ملا ہے۔

i. موہنجوڈارو سے

ii. ٹیکسلا سے

iii. ہڑپہ سے

iv. سوات سے

10۔وادی سندھ کی تہذیب میں برتنوں پر کونسا رنگ کیا جاتا تھا؟

i. سفید

ii. نیلا

iii. پیلا

iv. سرخ

11۔وادی سندھ کی خواتین شوقین تھیں۔

i. شکار کی

ii. میک اپ کی

iii. زیورات کی

iv. ملبوسات کی۔

باب دوم: بدھ مذہب کا فن

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

س۔1 گندھارا فن کی تعمیر کے stupas کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

س۔2 گندھارا میں مجسمہ سازی کے کتنے طریقے نظر آتے ہیں؟ ہر ایک کی دو دو مثالیں دیں۔

س۔3 اجنتا آرٹ پر نوٹ لکھیں۔

س۔4 سانچی سٹوپا پر نوٹ لکھیں۔

س۔5 آئیکانوگرافی آف بدھا کے کیا معنی ہیں؟

س۔6 گندھارا آرٹ کے ستون کس نے بنوائے؟ ان کی تعمیر کے کیا مقاصد تھے؟

س۔7 گندھارا سے ملنے والے مشہور مجسموں کے نام لکھیں۔

س۔8 اجنتا آرٹ کی چار خصوصیات لکھیں۔

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ بدھ مذہب کی وجہ سے آرٹ وجود میں آیا۔

i. یونانی آرٹ

ii. رومن آرٹ

iii. بدھ آرٹ

iv. مصری آرٹ

2۔ بدھ آرٹ کو حصّوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

i. دو

ii. تین

iii. چار

iv. پانچ

3۔۔ بدھ آرٹ کا ایک حصہ ہے۔

i. یونانی آرٹ

ii. رومن آرٹ

iii. گندھارا آرٹ

iv. مصری آرٹ

4۔ اجنتا آرٹ کو کہا جاتا ہے۔

i. ستونوں کا فن

ii. غاروں کا فن

iii. مندروں کا فن

iv. اہرام کا فن

5۔ اجنتا واقع ہے.

i. پاکستان میں

ii. بھارت میں

iii. یونان میں

iv. مصر میں

6۔ گندھارا دور کی اہم تعمیرات ہیں.

i. مینار

ii. سٹوپا

iii. ستون

iv. غار

7۔ آئیکانوگرافی آف بدھا میں پیش کیے گئے۔

i. بدھا کے حالات زندگی

ii. یونانی حالات زندگی

iii. رومن حالات زندگی

iv. مصر کے حالات زندگی

8۔ بادشاہوں نے کس کی یاد میں عالیشان عمارتیں تعمیر کروائیں۔

i. دیوی

ii. دیوتا

iii. بدھا

iv. خاندان

9۔ گندھارا کے ستون بنوائے۔

i. مغل بادشاہوں نے

ii. اشوک بادشاہوں نے

iii. گپتا بادشاہوں نے

iv. انگریز بادشاہوں نے

10۔ سانچی سٹوپا کی وجہ شہرت ہے۔

i. اونچائی

ii. گیٹ

iii. ستون

iv. سائز۔

باب سوم: یونانی تہذیب

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

س۔1 یونانی فن تعمیر کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

س۔2 یونانی مجسمہ سازی پر نوٹ لکھیں۔

س۔3 یونانی برتن سازی پر نوٹ لکھیں۔

س۔4 ORDER سے کیا مراد ہے؟

س۔5 یونانی فن تعمیر میں استعمال ہونے والے ستونوں کے نام لکھیں۔

س۔6 یونانی مجسمہ سازی کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ نام لکھیں۔

س۔7 چار مشہور یونانی مجسموں کے نام تحریر کریں۔

س۔8 Hydria سے کیا مراد ہے؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ یونانی فن تعمیر کا قدیم ترین ORDER تھا۔

i. Doric

ii. Ionic

iii. Corinthain

iv. Tuscan

2۔ یونانی لوگ فطرتاً تھے۔

i. سادہ

ii. جنگجو

iii. ترقی یافتہ

iv. غیر حقیقی

3۔ فن تعمیر میں ORDER مشتمل ہے۔

i. گنبد پر

ii. ستون پر

iii. بنیاد پر

iv. محراب پر

4۔یونانی لوگ عبادت کرتے تھے۔

i. اللہ کی

ii. قدرت کی بنی چیزوں کی

iii. بتوں کی

iv. آگ کی

5۔یونانی فن تعمیر میں استعمال ہونے والے ORDER کی اقسام ہیں۔

i. تین

ii. چار

iii. پانچ

iv. چھ

6۔یونانی مجسمہ سازی کو ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

i. تین

ii. چار

iii. پانچ

iv. چھ

7۔یونانی زبان میں HYDRIA کے معنی ہیں۔

i. زمین

ii. آسمان

iii. چاند

iv. پانی

8 ۔ Statue of Zeus مشہور مجسمہ ہے۔

i. مصری آرٹ کا

ii. رومن آرٹ کا

iii. بدھ آرٹ کا

iv. یونانی آرٹ کا

9۔یونانی عمارتیں میں بہت اہمیت رکھتے تھے۔

i. مندر

ii. سٹوپا

iii. مسجد

iv. مینار

10۔یونانی آرٹ کے اظہار کا قیمتی ذریعہ تھی۔

i. دیواروں پر تصویر کشی

ii. برتنوں پر تصویر کشی

iii. کپڑوں پر تصویر کشی

iv. میناروں پر تصویر کشی

باب چہارم: رومن تہذیب

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

س۔1 رومن فن تعمیر کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

س۔2رومن مجسمہ سازی پر نوٹ لکھیں۔

س۔3رومن مندر Pantheon پر نوٹ لکھیں۔

س۔4رومن تصویر کشی پر نوٹ لکھیں۔

س۔5رومن فن تعمیر میں کتنی قسم کے ستون استعمال کیے گئے ہیں؟نام لکھیں۔

س۔6 Pillar of Victory سے کیا مراد ہے؟

س۔7ریلیف سے کیا مراد ہے؟رومن لوگوں کے ریلیف ورک کی دو مثالیں دیں۔

س۔8رومیوں کی اہم مجسمہ سازی کیا تھی؟ان میں سے دو کے نام لکھیں۔

س۔9رومن لوگوں کا اہم کارنامہ کیا ہے؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔رومن دور میں بنائے گئے ستون کی اقسام ہیں۔

i. دو

ii. تین

iii. چار

iv. پانچ

2۔رومن لوگوں کا دلپسند ORDER تھا۔

i. Dorici

ii. Tuskan

iii. Corinthian

iv. Ionic

3۔رومن دور کا سب سے مشہور مندر ہے.

i. Temple of Garni

ii. Temple of Vesta

iii. Pantheon

iv. Maisoncarree

4۔ Pillar of Victory کی اونچائی ہے۔

i. 122 feet

ii. 132 feet

iii. 142 feet

iv. 152 feet.

5۔رومن ریلیف ورک کی عکاسی کی گئی۔

i. جنگی مناظر کی

ii. قدرتی مناظر کی

iii. عبادت گاہوں کی

iv. گھروں کی

6۔انگریزی حروف تہجی کو متعارف کروایا۔

i. یونانیوں نے

ii. مصریوں نے

iii. رومیوں نے

iv. ہندوؤں نے

7۔رومن مجسمہ سازی تھی۔

i. Stylized

ii. Colourful

iii. Realistic

iv. کوئی بھی نہیں

8۔ Temple of Humanity کہا جاتا ہے۔

i. Temple of Garni

ii. Temple of Vesta

iii. Pantheon

iv. Maisoncarree

9۔ رومن فن تعمیر میں گھروں کے فرش بنائے جاتے تھے۔

i. سنگ مرمر سے

ii. اینٹوں سے

iii. گارے سے

iv. لکڑی سے

10۔ رومن تصاویر عام طور پر سجاوٹ کے لئے بنائی جاتی تھیں۔

i. مندروں کی

ii. ستونوں کی

iii. گھروں کی دیواروں کی

iv. پلوں کی

نصاب: پریکٹیکل فائن آرٹس (اختیاری)
(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن پارٹ– 2)
برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

س۔1 ٹیکسٹائل ڈیزائن بنانا

س۔2 ٹیکسٹائل ڈیزائن کو مختلف اشیاء پر بنانا

س۔3 سٹل لائف (in different medium (water colour, oil colour and pastles

(پھل اور سبزیاں رکھ کر سٹل لائف بنانا)

س۔4 قدرتی منظر (in different medium (water colours , oil colour and pastles

ماڈل پیپر فائن آرٹ (اختیاری)

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن پارٹ– 2)

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

وقت: ایک گھنٹہ

کل نمبر: 30

حصہ معروضی

کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B,C, D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب پر (✓) کا نشانا لگائیں۔ ایک سے زیادہ جوابات پر نشان لگانے یا کاٹ کر لکھنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ 1×10=10

1۔ بدھ آرٹ کا ایک حصہ ہے۔

A. یونانی آرٹ

B. رومن آرٹ

C. گندھارا آرٹ

D. مصری آرٹ

2۔ آئیکانوگرافی آف بدھا میں پیش کیے گئے۔

A. بدھا کے حالات زندگی

B. یونانیوں کے حالات زندگی

C. رومن حالات زندگی

D. مصر کے حالات زندگی

3۔ گندھارا کے ستون بنوائے۔

A. مغل بادشاہوں نے

B. اشوک بادشاہوں نے

C. گپتا بادشاہوں نے

D. انگریز بادشاہوں نے

4۔یونانی زبان میں HYDRIA کے معنی ہیں۔

A. زمین

B. آسمان

C. چاند

D. پانی

5۔یونانی فن تعمیر کا قدیم ترین ORDER تھا۔

A. Doric

B. Ionic

C. Corinthian

D. Tuscan

6۔یونانی لوگ فطرتاً تھے۔

A. سادہ

B. جنگجو

C. ترقی یافتہ

D. غیر حقیقی

7۔یونانی آرٹ کے اظہار کا قیمتی ذریعہ ہے۔

A. دیواروں پر تصویر کشی

B. برتنوں پر تصویر کشی

C. کپڑوں پر تصویر کشی

D. میناروں پر تصویر کشی۔

8۔رومن دور میں بنائے گئے ستون کی اقسام ہیں۔

A. دو

B. تین

C. چار

D. پانچ

9۔ Pillar of Victory کی اونچائی ہے۔

A. 122 feet

B. 132 feet

C. 142 feet

D. 152 feet

10۔رومن تصاویر عام طور پر سجاوٹ کے لئے بنائی جاتی تھیں۔

A. مندروں کی

B. ستونوں کی

C. گھروں کی دیواروں کی

D. پلوں کی

حصہ انشائیہ

کل نمبر: 20

درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1۔ آئیکانوگرافی آف بدھا کے کیا معنی ہیں؟

2۔ گندھارا آرٹ کے ستون کس نے بنوائے؟ ان کی تعمیر کے کیا مقاصد تھے؟

3۔ اجنتا آرٹ کی چار خصوصیات بیان کریں۔

4۔ یونانی فن تعمیر میں استعمال ہونے والے ستونوں کے نام لکھیں۔

5۔ یونانی مجسمہ سازی کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ نام لکھیں۔

6۔ HYDRIA سے کیا مراد ہے؟

7۔ گندھارا سے ملنے والے مشہور مجسموں کے نام لکھیں۔

8۔ گندھارا کے مجسمہ سازی کے کتنے طریقے نظر آتے ہیں؟ ہر ایک کی تین تین مثالیں دیں۔

9۔ یونانی مجسمہ سازی پر نوٹ لکھیں۔

10۔ رومن فن تعمیر کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

ماڈل پیپر پریکٹیکل فائن آرٹ (اختیاری)

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن پارٹ– 2)

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

وقت: 3 گھنٹے

کل نمبر: 70

عملی امتحان: 60

آرٹ ورک نمائش: 10

س۔1 سٹل لائف بنائیں.in different mediums

یا

س۔2 قدرتی منظر بنائیں.in different mediums

DRESS DESIGNING
& DRESS MAKING - II
(Elective)

نصاب ڈریس میکننگ اینڈ ڈریس ڈیزائننگ (اختیاری)۔

(ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن-پارٹ2)

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

اہداف ومقاصد۔

1. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کو کٹائی سلائی کی اہمیت سے روشناس کروانا۔
2. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کو کٹائی سلائی میں عملی مہارت مہیا کرنا۔
3. متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کی معاشرے کے کار آمد شہری بننے میں معاونت کرنا۔

ضروری گزارشات:

1. اساتذہ کرام طلباء وطالبات کی اہلیت کو مد نظر رکھتے ہوئے مختصر مگر جامع جوابات تحریر کروائیں۔
2. اساتذہ کرام پرچہ جات کی ترتیب اور مارکنگ کے دوران متاثرہ سماعت طلباء وطالبات کی اہلیت اور یاداشت کو مد نظر رکھیں۔
3. پرچہ جات کی ترتیب دیے گئے نصاب اور ماڈل پیپرز کے مطابق ہی کی جائے۔

امتحانی پرچہ میں نمبروں کی تقسیم کا خاکہ

کل نمبر		100
معروضی طرز		10
انشائیہ طرز		20
	مختصر سوالات	2x5
	تفصیلی سوالات	10x1
پریکٹیکل		70
	عملی کام (کاپی)	10
	عملی امتحان	60

فہرستِ ابواب

باب اوّل: بوشرٹ

باب دوم: جینٹس سوٹ

باب سوم: نیکر، باڈی ڈراز

باب چہارم: چوڑی پاجامہ اور شلوار

باب پنجم: گول کوٹی

باب ششم: شمیز

باب اول: بوشرٹ

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیجیے۔

1۔ لڑکے کی بوشرٹ کا ڈرافٹ بنائیں۔

2۔ لڑکے کی بوشرٹ کا پترن کاٹیں۔

3۔ مشین کو تیل دینے کا طریقہ بیان کریں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے

1۔ کٹائی اور سلائی کے لیے ضروری اشیاء کے نام لکھیں۔

2۔ بوشرٹ کا گھیرا کتنی قسم کا ہوتا ہے؟

3۔ بوشرٹ میں کس قسم کے کالر لگائے جاتے ہیں؟

4۔ بوشرٹ کے بازو کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں

1۔ سٹینڈرڈ سائز کی مردانہ بوشرٹ کا سائز:

i. mc92

ii. mc94

iii. mc96

iv. mc98

2۔ سٹینڈرڈ سائز بوشرٹ کی کراس بیک ہوگی:

i. 22 cm

ii. 23 cm

iii. 24 cm

iv. 25 cm

3۔ مشین کے مختلف پرزوں کے پیچ کھولنے کے لیے پیچ کس استعمال کرنا چاہیے:

i. چھوٹا

ii. بڑا

iii. درمیانہ

iv. پیچکے سائز کے مطابق

4۔ کٹائی کے لیے قینچی استعمال کرنی چاہیے:

i. چھوٹی

ii. بڑی

iii. تیز

iv. کند

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں

1. مردانہ قمیض کا ڈرافٹ بنائیں۔
2. مردانہ قمیض کا پترن کاٹیں۔
3. کالر اور کفکے مختلف سائز کا ڈرافٹ بنائیں۔
4. سلائیمشینکیدیکھبھالکیسے کیجاتیہے؟

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں

1. کاج بنانے اور بٹن لگانے کا طریقہ بیان کریں۔
2. کاج کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟
3. تیرہ یا کر اس بیک کے سائز لینے کا طریقہ بیان کریں۔
4. مردانہقدیں نارملسائز کیا ہوتا ہے؟

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں

1۔ مردانہ قد میں نارمل سائز:

i. tf 5

ii. 7 ft

iii. 5ft 6 inch

iv. 5 ft 10 inch

2۔ مشین کی خوراک ہے:

i. دھاگہ

ii. کپڑا

iii. تیل

iv. مٹی

3۔ زیادہ استعمال ہونے والی مشین کی ہفتے میں صفائی کرنی چاہیے:

i. ایک بار

ii. دوبار

iii. تین بار

iv. ہر روز

4۔ مرد انہسٹینڈرڈ سائز کرا سبیلکتنیہوتیہے؟

i. 42cm

ii. 44cm

iii. 46cm

iv. 48cm

باب سوم: نیکر، باڈی ڈراز

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

1. باڈی ڈراز کا ڈرافٹ بنائیں اور پر ٹفن کاٹیں۔
2. نیکر کا ڈرافٹ بنائیں اور پر ٹرن کاٹیں۔
3. مشین ٹانکا کیوں چھوڑتی ہے؟
4. مشین کا دھاگہ کیوں ٹوٹتا ہے؟

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1. نیکر میں فلائی کہاں لگاتے ہیں؟
2. باڈیڈراز میں گلے میں کونسا کالر لگاتے ہیں؟
3. دھبلہکیوں لگایا جاتا ہے؟
4. مشینکے بخیے کا ٹانکا ڈھیلا کیوں آتا ہے؟

درست جواب پر ✓ کا نشانلگائیں۔

1۔ دھبلے میں کپڑا استعمال کرتے ہیں:

i. سادہ

ii. اریب

iii. چوکور

iv. کوئیسا

2۔ دھبلہ کس میں استعمال ہوتا ہے؟

i. کوٹ

ii. ویسٹ کوٹ

iii. ٹی شرٹ

iv. بوشرٹ

3۔ ایک سال کے بچے کے باڈی ڈراز کا سائز:

i. 44cm

ii. 45cm

iii. 46cm

iv. 47cm

4۔ مشین کی سوئی بہت اونچی لگی ہو تو:

i. دھاگہ ٹوٹتا ہے

ii. سوئی ٹوٹتی ہے

iii. مشین ٹانکا چھوڑتی ہے

iv. کپڑا اکٹھا ہوتا ہے

باب چہارم۔ چوڑی پاجامہ اور شلوار

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں

1. شلوار کا ڈرافٹ بنائیں
2. شلوار کا پترن کاٹیں۔
3. تھیلا بنانے کے لیے ٹکڑا لینے کا طریقہ بیان کریں۔
4. سکیئر کٹ پاجامہ کا ٹکڑا لینے کا طریقہ بیان کریں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں

1. شلواریں کتنی قسم کی ہوتی ہیں؟
2. چوڑی دار پاجامے کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

3. نیک،، فیڈ اور بینمیں فرق بتائیں۔

4. انورٹڈ پلیٹسے کیا مراد ہے؟

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں

1۔ سکئیر کٹ پاجامے کا کپڑا کیسے لیا جاتا ہے؟

i. چوکور

ii. تکون

iii. سیدھا

iv. گول

2۔ مردانہ قمیض کی جیبوں میں کونسے پلیٹ استعمال ہوتے ہیں؟

i. انورٹڈ پلیٹ

ii. باکسپلیٹ

iii. پنٹکس

iv. کراسپنٹکس

3۔ چوڑی دار پاجامے کے پائنچے کی چوڑائی کتنی ہوتی ہے؟

i. mc5.5

ii. 6.5cm

iii. 7.5cm

iv. 8.5cm

4۔ بیلٹ والی شلوار کون پہنتا ہے؟

i. لڑکے

ii. عورتیں

iii. بوڑھے

iv. مرد

باب پنجم: گول کوٹی

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

1. گول کوٹی کا ڈرافٹ بنائیں۔
2. گولکوٹیکا پتر نکاٹیں۔
3. رفوٹانکے پر نوٹ لکھیں۔
4. مشینکیسوئیکیوں ٹوٹتیہے؟

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1. گول کوٹی کیسے کپڑے پر بنائی جاتی ہے؟
2. گولکوٹیمیں استر کہاں لگایا جاتا ہے؟
3. لباسکا انتخا بکسلحاظسے کرنا چاہیے؟
4. کمبلٹانکا کسے کہتے ہیں؟

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1۔ گول کوٹی کے گلے کا سائز:

i. hcni 6

ii. 9 inch

iii. 7 inch

iv. 8 inch

2۔ گول کوٹی کی سلائی میں کونسا ٹانکا استعمال ہوتا ہے؟

i. بجھانے

ii. بخیہ

iii. کاج

iv. مارکے

3۔ کمبل ٹانکے کو اور کیا کہا جاتا ہے؟

i. رفوٹانکا

ii. چنٹ

iii. بخیہٹانکا

iv. سادہکاجٹانکا

4۔ سٹینڈرڈ سائز گول کوٹی کی نیچے سے گولائی ہوتی ہے؟

i. mc5.5

ii. 7.5cm

iii. 6.5cm

iv. 8.5cm

باب ششم۔ شمیز

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں

1. شمیز کا ڈرافٹ بنائیں۔
2. شمیز کا پتر نکاٹیں۔
3. سلائیکے دورانکپڑے کے اکٹھا ہونے کیو جو ہاتبیانکریں۔

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں

1. شمیز کا کیا مطلب ہے؟
2. شمیز کونسے کپڑے کیا ستعمالکرتے ہیں؟
3. شمیز کیوں استعمالکیجاتیہے؟
4. پنشکسپلیٹسکیکتنیا قسامہوتیہیں؟

درست جواب پر ✓ کا نشانلگائیں۔

1۔ شمیزیں کتنی قسم کی ہوتی ہیں؟

i. 1

ii. 2

iii. 3

iv. 4

2۔ کس کپڑے کی شمیز بہتر رہتی ہے؟

i. سوتی

ii. اونی

iii. ریشمی

iv. کسیبھی

3۔ شمیز میں پلیٹ کی لمبائی تقریباً ہوتی ہے؟

i. mc23

ii. mc25

iii. 20cm

iv. 26cm

4.۔پنٹکس پلیٹس کی اقسام ہوتی ہیں:

i. دو

ii. تین

iii. چار

iv. پانچ

نصاب پریکٹیکل ڈریس میکنگ اینڈ ڈریس ڈیزائننگ (اختیاری)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن- پارٹ2

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

س۔1 قمیض کا ڈرافٹ بنائیں، پترن کاٹیں اور سلائی کریں۔

س۔2 بوشرٹ کا ڈرافٹ بنائیں، پترن کاٹیں اور سلائی کریں۔۔

س۔3 جینٹس سوٹ کا ڈرافٹ بنائیں پترن کاٹیں اور سلائی کریں۔

س۔4 باڈی ڈراز کا ڈرافٹ بنائیں پترن کاٹیں اور سلائی کریں۔

س۔5 چوڑی پاجامہ کا ڈرافٹ بنائیں پترن کاٹیں اور سلائی کریں۔

س۔6 شلواروں کے ڈرافٹ بنائیں پترن کاٹیں اور سلائی کریں۔

س۔7 شمیز کا ڈرافٹ بنائیں پترن کاٹیں اور سلائی کریں۔

س۔ 8 شمیز کا ڈرافٹبنائیں پتر نکاٹیں اور سلائیکریں۔

ماڈل پیپر ڈریس میکینگ اور ڈریس ڈیزائننگ (اختیاری)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن- پارٹ2

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

حصہ معروضی

کل نمبر10: وقت: 15منٹ

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں- درست جواب پر نشان لگائیے- 10x1

نوٹ: ایک سے زیادہ جواب پر نشان لگانے یا کاٹ کر لکھنے پر جواب غلط تصور ہو گا۔

1. سٹینڈرڈ سائز کی مردانہ بوشرٹ کا سائز:

i. 92cm

ii. 94cm

iii. 96cm

iv. 98cm

2۔ مشین کی خوراک ہے۔

i. دھاگہ

ii. کپڑا

iii. تیل

iv. مٹی

3۔ دھبلہیں کپڑا استعمال کرتے ہیں

i. سادہ

ii. اریب

iii. چوکور

iv. کوئیسا

4۔ایک سال کے بچے کے باڈی ڈراز کا سائز:

i. 44cm

ii. 45cm

iii. 46cm

iv. 47cm

5۔ مشینکیسوئیبہتاونچیلگیہوتو:

i. دھاگہٹوٹتاہے

ii. سوئیٹوٹتیہے

iii. مشینٹانکاچھوڑتیہے

iv. کپڑااکٹھاہوتاہے۔

6. سکئیر کٹ پاجامے کا ٹکڑا کیسے لیا جاتا ہے؟

i. چوکور

ii. تکون

iii. سیدھا

iv. گول

7۔چوڑی دار پاجامے کے پائنچے کی چوڑائی کتنی ہوتی ہے؟

i. 5.5cm

ii. 6.5cm

iii. 7.5cm

iv. 8.5cm

8۔ کس کپڑے کیشمیز بہتر رہتیہے؟

i. اونی

ii. سوتی

iii. ریشمی

iv. کسیبھی

9۔ پنٹکس پلیٹس کی اقسام ہیں:

i. دو

ii. تین

iii. چار

iv. پانچ

10. کٹائی کے لیے قینچی استعمال کرنی چاہیے۔

i. تیز

ii. کند

iii. چوٹی

iv. بڑی

حصہ انشائیہ۔

کل نمبر: 20 وقت: 45منٹ

مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیں۔ **5x2**

س۔1 بوشرٹ کا گھیر اکتنی قسم کا ہوتا ہے؟

س۔2 کا جکتنیقسمکے ہوتے ہی؟

س۔3 مردانہ قد میں نارمل سائز کیا ہوتا ہے؟

س۔4 نیکر میں سلائی کہاں لگاتے ہیں؟

س۔5 دھبلہ کیوں لگایا جاتا ہے؟

س۔6 چوڑی دار پاجامے کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

س۔7 انور ٹڈ پلیٹ سے کیا مراد ہے؟

س۔8 کمبل ٹانکا کسے کہتے ہیں؟

مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے ایک سوال کا جواب دیں۔ **10x1**

س۔1 لڑکے کی بوشرٹ کا پترن کاٹیں۔

س۔2 مشین ٹانکا کیوں چھوڑتی ہے؟

س۔3 قمیض کا ڈرافٹ بنائیں۔

ماڈل پیپر پریکٹیکل ڈریس میکنگ اور ڈریس ڈیزائننگ (اختیاری)

ڈپلومہ ان سپیشل ایجوکیشن - پارٹ2

برائے متاثرہ سماعت طلباء وطالبات

کل نمبر70

وقت: 3 گھنٹے

کاپی نمبر: 10

عملی کام نمبر: 60

مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی ایک سوال کا جواب دیں۔

س۔1 باڈی ڈراز کا ڈرافٹ بنائیں پرٹان کاٹیں اور سلائی کریں۔

یا

س۔2 شمیز کا ڈرافٹ بنائیں پرٹں ن کاٹیں اور سلائی کریں۔